ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا تحقیق میں البتہ کھڑا تھا ایک قوم میں پس دعا خیر کی اوس قوم نے واسطے عمر کے اس حال میں کہ تحقیق رکھے گئے تھے

عَلَى سَرِيرِهِ إِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِي قَدْ وَضَعَ مِرْفَقَهُ عَلَى مَنْكِبِي يَقُولُ

اپنے تخت پر ناگہاں ایک شخص نے پیچھے میرے سے تحقیق رکھی کہنی اپنی میرے مونڈھے پر کہتا ہے وہ شخص

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ لِأَنِّي كَثِيرًا

رحمت کرے تجھکو اللہ بلاشبہ میں البتہ امید رکھتا ہوں یہ کہ گردانے تجھکو اللہ ساتھ دونوں یار تمہارے کے اسواسطے کہ میں بہت

مَا كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُنْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَ

تھا سنتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھا میں اور ابوبکر اور عمر اور

فَعَلْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَانْطَلَقْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ وَأَبُو بَكْرٍ

کیا میں نے اور ابوبکر اور عمر نے اور چلا میں اور ابوبکر اور عمر اور داخل ہوا میں اور ابوبکر

وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مُتَّفَقٌ

اور عمر اور نکلا میں اور ابوبکر اور عمر پس پیچھے پھر کر دیکھا میں نے پس ناگہاں وہ شخص تھے علی بن ابی طالب متفق

عَلَيْهِ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ

علیہ فصل دوسری۔ روایت ہے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ عِلِّيِّينَ كَمَا

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بہشتی البتہ دیکھیں گے اہل علیین کو جیسے کہ

تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ مِنْهُمْ

دیکھتے ہو تم بہت روشن ستارہ کو کنارہ آسمان میں اور بیشک ابوبکر رض اور عمر رض اہل علیین میں سے ہونگے

وَأَنْعَمَا رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى نَحْوَهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

اور کیا اچھا خوب ہے روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں اور روایت کی مانند اسکی ابوداؤد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَّ

اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ابوبکر اور

عُمَرُ سَيِّدَا كُهُولِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ إِلَّا

عمر دونوں سردار ہیں ادھیڑ عمر والوں اہل بہشت کے پہلوں میں سے اور پچھلوں میں سے سوائے

النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَلِيٍّ

نبیوں کے اور پیغمبروں کے روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت کی یہ ابن ماجہ نے علی رض سے

وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَا أَدْرِي

اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق میں نہیں جانتا ہوں

مَا بَقَائِي فِيكُمْ فَاقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي أَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَوَاهُ

کہ کتنی ہے زندگانی میری درمیان تمہارے پس پیروی کرو ان دونوں شخصوں کی کہ پیچھے میرے ابوبکر سے اور عمر رض سے روایت کی یہ

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ

ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب داخل ہوتے

الْمَسْجِدَ لَمْ يَرْفَعْ أَحَدٌ رَأْسَهُ غَيْرَ أَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ كَانَا يَتَبَسَّمَانِ إِلَيْهِ

مسجد میں نہ اوٹھاتا کوئی سر اپنا سوائے ابی بکر اور عمر رض کے تھے یہ دونوں کہ مسکراتے تھے دیکھ کر طرف

وَيَتَبَسَّمُ إِلَيْهِمَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

اور مسکراتے تھے حضرت صلعم دیکھ کر طرف اونکی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّدَخَلَ الْمَسْجِدَ

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک روز اور داخل ہوئے مسجد میں

وَأَبُو بَكْرٍ وَّعُمَرُ أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِهِ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ وَهُوَ

اور ابوبکر اور عمر رض ایک دونوں میں سے داہنی طرف حضرت صلعم کے تھا اور دوسرا بائیں طرف اونکی اور آنحضرت صلعم

اٰخِذٌ بِاَیْدِیْهِمَا فَقَالَ هٰکَذَا نُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

پکڑے ہوئے تھے ہاتھ دونون صاحبونکو پس فرمایا حضرت نے کہ اسیطرح اوٹھائے جاوینگے ہم روز قیامت کے روایت کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّ

اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن حنطب رضہ سے یہ کہ

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی اَبَا بَکْرٍ وَّعُمَرَ فَقَالَ هٰذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ابا بکر اور عمر رضہ کو پس فرمایا کہ یہ دونون بمنزلہ شنوائی اور بینائی کے ہیں

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ مُرْسَلًا وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

روایت کی یہ ترمذی نے بطریق ارسال کے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَّبِیٍّ اِلَّا وَلَهٗ وَزِیْرَانِ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ وَوَزِیْرَانِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ

خدا صلعم نے کہ نہیں ہے کوئی نبی مگر واسطے اوسکے ہوتے ہیں دو وزیر آسمان کے فرشتوں میں سے اور دو وزیر ہوتے ہیں زمین والون میں سے

فَاَمَّا وَزِیْرَایَ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ فَجِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاَمَّا وَزِیْرَایَ

پس ایسے دو وزیر میرے آسمان والون میں سے پس جبرئیل اور میکائیل ہیں اور ایسے وزیر میرے

مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَبُوْبَکْرٍ وَّعُمَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ

زمین والون میں سے پس ابوبکر اور عمر ہیں روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے

اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاَیْتُ کَاَنَّ مِیْزَانًا نَّزَلَ

یہ کہ ایک شخص نے کہا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ خواب میں دیکھا میں نے کہ گویا ایک ترازو اوتری ہے

مِنَ السَّمَآءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَکْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ وَوُزِنَ اَبُوْبَکْرٍ

آسمان سے پس تولے گئے آپ اور ابوبکر پس غالب آئے آپ اور تولے گئے ابوبکر

وَّعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَکْرٍ وَّوُزِنَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ الْمِیْزَانُ

اور عمر پس غالب آئے ابوبکر اور تولے گئے عمر اور عثمان پس غالب آئے عمر پھر اوٹھائی گئی ترازو

فَاسْتَآءَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ فَسَآءَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ خِلَافَةُ

پس غمگین ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسبب اس خواب کے یعنی پس غمگین کیا آپکو اس بات کے سننے نے پس فرمایا حضرت نے دیہ خلافت

نُبُوَّةٍ ثُمَّ یُؤْتِی اللّٰهُ الْمُلْكَ مَنْ یَّشَآءُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ

نبوت ہے پھر دیگا اللہ تعالی ملک جسکو چاہیگا روایت کی یہ ترمذی اور ابوداود نے

الفصل الثالث عن ابن مسعود ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

فصل تیسری۔ روایت ہی ابن مسعود رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

يطلع عليكم رجل من اهل الجنة فاطلع ابو بكر ثم قال

آویگا تمپر ایک شخص اہل بہشت مین سے پس آئے ابوبکر پہر فرمایا

يطلع عليكم رجل من اهل الجنة فاطلع عمر رواه الترمذي

آویگا تمپر ایک شخص اہل بہشت مین سے پس آئے عمر رضہ روایت کی یہ ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وعن عائشة قالت بينا راس رسول

اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا اوسوقت کہ سر مبارک رسول

الله صلى الله عليه وسلم في حجري في ليلة ضاحية اذ قلت يا رسول الله

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا میری گودی مین تہا بیچ چاندنی رات کے ناگہان کہا مینے یا رسول اللہ

هل يكون لاحد من الحسنات عدد نجوم السماء قال نعم

کیا ہوگی کسیکے لیے نیکیان موافق گنتی ستارون آسمان کے فرمایا کہ ہان وہ

عمر قلت فاين حسنات ابي بكر قال انما جميع حسنات عمر

عمر رضہ ہے کہا مینے پس کیا حال ہی ابوبکر کی نیکیون کا فرمایا حضرت صلعم نے نہیں ہین تمام نیکیان عمر کی مگر

كحسنة واحدة من حسنات ابي بكر رواه رزين باب

مانند ایک نیکی کے ابوبکر رضہ کی نیکیون مین سے روایت کی یہ رزین نے۔ باب ہے بیچ

مناقب عثمان رضي الله عنه الفصل الاول

مناقب عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ فصل پہلی۔

عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مضطجعا في

روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ کہا تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم لیٹے ہوئے

بيته كاشفا عن فخذيه او ساقيه فاستاذن ابو بكر فاذن

اپنے گہر مین کہولی ہوئی تہی رانین اپنی یا پنڈلیان اپ تہا پہر اذن چاہا ابوبکر رضہ نے پس اذن دیا

له وهو على تلك الحال فتحدث ثم استاذن عمر فاذن

اونکو حال آنکہ وہ اوسی حال پر تہے پس باتین کین ابوبکر نے پہر اذن چاہا اونیکا عمر نے پس اذن دیا حضرت صلعم نے

له وهو كذلك فتحدث ثم استأذن عثمان فجلس رسول الله

عمر کو اور آنحضرت اسی حال پر رہے پس باتیں کیں عمر نے پھر اذن چاہا عثمان نے پس اٹھ بیٹھے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم وسوى ثيابه فلما خرج قالت عائشة دخل ابو بكر

صلی اللہ علیہ وسلم اور درست کیے کپڑے اپنے پس جبکہ نکلے قوم کہا عائشہ رضہ نے کہ داخل ہوئے ابوبکر رضہ

فلم تهتش له ولم تباله ثم دخل عمر فلم تهتش له ولم تباله

پس نہ جنبش کی آپنے واسطے انکے اور نہ پروا کی آپنے انکی پھر داخل ہوئے عمر پس حرکت کی آپنے واسطے انکے اور نہ پروا کی انکی

ثم دخل عثمان فجلست وسويت ثيابك فقال الا استحيي

پھر داخل ہوئے عثمان رضہ پس اٹھ بیٹھے آپ اور درست کیے کپڑے اپنے پس فرمایا حضرت نے کیا حیا کروں میں

من رجل تستحيي منه الملائكة وفي رواية قال ان عثمان رجل

اوس شخص سے کہ حیا کرتے ہیں اوس سے فرشتے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے تحقیق عثمان ایک مرد

حيي واني خشيت ان اذنت له على تلك الحالة ان لا يبلغ

بہت شرمناک ہے اور تحقیق میں ڈرا کہ اگر اذن دوں میں عثمان کو آنے کا اوس حالت پر یہ کہ نہ پہونچے سے

الي في حاجته رواه مسلم الفصل الثاني عن طلحة بن

طرف میرے بیچ حاجت اپنی کے روایت کی یہ مسلم نے فصل دوسری روایت ہے طلحہ بن

عبيد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبي رفيق و

عبید اللہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ واسطے ہر نبی کے رفیق ہے اور

رفيقي يعني في الجنة عثمان رواه الترمذي ورواه ابن ماجة

رفیق میرا یعنے بہشت میں عثمان ہے روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت کی ابن ماجہ نے

عن ابي هريرة وقال الترمذي هذا حديث غريب وليس اسناده

ابوہریرہ رضہ سے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی

بالقوي وهو منقطع وعن عبد الرحمن بن خباب قال

قوی اور یہ منقطع ہے اور روایت ہے عبد الرحمن بیٹے خباب رضہ سے کہ کہا

شهدت النبي صلى الله عليه وسلم وهو يحث على جيش العسرة فقام

حاضر ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حالت میں کہ وہ رغبت دلاتے تھے اوپر خرچ کرنے لشکر تنگی کے پس

[illegible marginal notes]

قوله ... حضرت عثمان رضہ ... [illegible]

قوله فی الجنۃ ... [illegible]

قوله جیش العسرۃ ... [illegible]

عثمان فقال یا رسول اللہ علی مائة بعیر باحلاسها واقتابها

عثمان رض اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے ذمہ ہین سو اونٹ مع جھولون اور کجاوون انکے

فی سبیل اللہ ثم حض علی الجیش فقام عثمان فقال علی مائتا

بیچ راہ خدا کے پہر رغبت دلائی حضرت صلعم نے اوپر سامان درست کرنے لشکر کے پس کھڑے ہوئے عثمان اور کہا میرے ذمہ ہین دو سو

بعیر باحلاسها واقتابها فی سبیل اللہ ثم حض علی الجیش فقام

اونٹ مع جھولون کے اور کجاوون انکے بیچ راہ خدا کے پہر رغبت دلائی حضرت صلعم نے اوپر سامان درست کرنے لشکر کے پس

عثمان فقال علی ثلثمائة بعیر باحلاسها واقتابها فی سبیل اللہ

عثمان اور کہا میرے ذمہ ہین تین سو اونٹ مع جھولون اور کجاوون انکے بیچ راہ خدا کے

فانا رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ینزل عن المنبر وهو یقول ما علی عثمان ما

پس میں نے دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اوترتے تھے منبر سے اور فرماتے تھے نہیں ضرر کرے گی عثمان کو وہ چیز

عمل بعد هذه ما علی عثمان ما عمل بعد هذه رواه الترمذی وعن عبد الرحمن

کہ کرین بعد اس نیکی کے کچھ نہین ضرر عثمان کو وہ چیز کہ کرین بعد اسکے روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے عبد الرحمن

ابن سمرة قال جاء عثمان الی النبی صلی اللہ علیه وسلم بالف دینار فی کمه

بن سمرہ رض سے کہا لائے عثمان رض نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہزار دینار اپنی آستین مین

حین جهز جیش العسرة فنثرها فی حجره فرأیت النبی صلی اللہ

اوسوقت کہ سامان تیار کیا عثمان نے لشکر تبوک کا پس بکھیرے ہزار دینار حضرت صلعم کی گود مین پس دیکھا مین نے نبی صلی اللہ

علیه وسلم یقلبها فی حجره ویقول ما ضر عثمان ما عمل بعد

علیہ وسلم کو اولٹ پلٹ کرتے تھے اونکو اپنی گود مین اور فرماتے تھے نہین ضرر کرین گے عثمان کو وہ گناہ کہ کرین بعد

الیوم مرتین رواه احمد وعن انس قال لما امر رسول اللہ

آجکے دن کے دو بار فرمایا یہ کلمہ روایت کی یہ احمد نے - اور روایت ہے انس رض سے کہا جبکہ حکم فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیه وسلم ببیعة الرضوان کان عثمان رسول رسول اللہ صلی اللہ علیه

صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو ساتھ بیعة الرضوان کے تھے عثمان ایلچی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

الی مکة فبایع الناس فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه ان عثمان فی

طرف اہل مکہ کے پس بیعت کی حضرت صلعم نے لوگون سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق عثمان بیچ

حاجة الله وحاجة رسوله فضرب باحدى يديه على الاخرى

کام اللہ کے اور کام رسول اوسکے کو پس مارا حضرت نے ایک ہاتھ اپنا اوپر ہاتھ دوسرے اپنے کے

فكانت يد رسول الله صلى الله عليه وسلم لعثمان خيرا من ايديهم لانفسهم

پس تھا ہاتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا واسطے عثمان کے بہتر ہاتھوں اون صحابہ کے سے واسطے اپنے

رواه الترمذي وعن ثمامة بن حزن القشيري قال شهدت

روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ثمامہ بن حزن قشیری سے کہ کہا حاضر ہوا مین

الدار حين اشرف عليهم عثمان فقال انشدكم الله والاسلام

یوم الدار کو اوسوقت کہ اوپر سے جھانکا عثمان نے اوس قوم پر پس کہا عثمان نے کہ سوال کرتا ہون مین تمسے بحق خدا اور اسلام

هل تعلمون ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قدم المدينة وليس بها

کہ آیا جانتے ہو تم کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مدینہ مین اور نہین تھا مدینہ مین کوئی

ماء يستعذب غير بئر رومة فقال من يشتري بئر رومة

پانی شیرین سوائے پانی کنوئی رومہ کے پس فرمایا حضرت نے کہ کون شخص ہے کہ خریدے بیر رومہ کو

يجعل دلوه مع دلاء المسلمين بخير له منها في الجنة فاشتريتها

اور گردانے ڈول اپنا ساتھ ڈولون مسلمین کے بدلے نیکی کے کہ اوسکے لئے ہو اوس کنوین سے بہشت مین پس خریدا مینے اوسکو

من صلب مالي وانتم اليوم تمنعوني ان اشرب منها حتى اشرب

خالص مال اپنے سے اور تم آجکے دن منع کرتے ہو مجھکو اوسکے پانی پینے سے یہانتک کہ پیتا ہون مین

من ماء البحر فقالوا اللهم نعم فقال انشدكم الله والاسلام

دریا کے پانی سے کہا لوگون نے خداوندا ہان پھر کہا عثمان نے کہ پوچھتا ہون مین تمسے بحق خدا اور اسلام کے

هل تعلمون ان المسجد ضاق باهله فقال رسول الله صلى الله

کہ آیا جانتے ہو تم کہ مسجد تنگ ہوئی مصلیون پر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم من يشتري بقعة آل فلان فيزيدها في المسجد بخير له

علیہ وسلم نے کون شخص ہے کہ خریدے جگہہ اولاد فلانیکی پس زیادہ کرے اوس جگہ کو مسجد مین بدلے ثواب کے کہ اوسکو

منها في الجنة فاشتريتها من صلب مالي فانتم اليوم تمنعوني ان

اوسکو سے بہشت مین پس مینے خریدا اوسکو خالص مال اپنے سے پس تم آجکے دن منع کرتے ہو مجھکو اوس مین کہ

اُصَلِّی فِیْهَا رَکْعَتَیْنِ فَقَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُکُمُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ

پڑھوں میں دو رکعت نماز اوس جگہ میں پس کہا لوگوں نے یا الٰہی ہاں کہا عثمان نے کہ پوچھتا ہوں میں تم سے بحق خدا اور اسلام کے

هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ جَهَّزْتُ جَیْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِیْ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ

کہ آیا جانتے ہو تم کہ تحقیق میں نے سامان درست کیا لشکر تبوک کا اپنے مال سے کہا لوگوں نے یا الٰہی ہاں

قَالَ اَنْشُدُکُمُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

کہا عثمان نے کہ پوچھتا ہوں میں تم سے بحق خدا اور اسلام کے آیا جانتے تم یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ عَلٰی ثَبِیْرِ مَکَّةَ وَمَعَهٗ اَبُوْبَکْرٍ وَّعُمَرُ وَاَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ

علیہ وسلم کھڑے تھے اوپر ثبیر مکہ کے اور ساتھ آنحضرت صلعم کے ابوبکر اور عمر رض اور میں بھی کھڑا تھا پس ہلا پہاڑ

حَتّٰی تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهٗ بِالْحَضِیْضِ فَرَکَضَهٗ بِرِجْلِهٖ قَالَ اسْکُنْ ثَبِیْرُ

یہانتک کہ گر پڑے تھے بعضے پتھر اوسکی پستی زمین میں پس ماری اوسکو حضرت صلعم نے لات اپنی فرمایا ٹھہر اے ثبیر

فَاِنَّمَا عَلَیْكَ نَبِیٌّ وَّصِدِّیْقٌ وَّشَهِیْدَانِ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُ

اسلیے کہ نہیں ہے تجھ پر مگر نبی اور صدیق اور دو شہید کہا لوگوں نے یا الٰہی ہاں کہا عثمان رض نے اللہ

اَکْبَرُ شَهِدُوْا وَرَبِّ الْکَعْبَةِ اَنِّیْ شَهِیْدٌ ثَلٰثًا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

اکبر گواہی دی انہوں نے قسم رب کعبہ کی کہ میں شہید ہوں تین بار کہا یہ کلمہ روایت کی یہ ترمذی

وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارَقُطْنِیُّ وَعَنْ مُرَّةَ بْنِ کَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ

اور نسائی اور دارقطنی نے اور روایت ہے مرہ بن کعب سے کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَذَکَرَ الْفِتَنَ فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُّقَنَّعٌ فِیْ ثَوْبٍ فَقَالَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اس حال میں کہ ذکر کیا حضرت صلعم نے فتنوں کا پس نزدیک بتلایا وقوع اونکا پس گذرا ایک شخص کپڑا اوڑھے ہوئے سر پر

هٰذَا یَوْمَئِذٍ عَلَی الْهُدٰی فَقُمْتُ اِلَیْهِ فَاِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ

یہ شخص اوس روز راہ راست پر ہوگا مرہ بن کعب کہتے ہیں پس اٹھا میں طرف اوس شخص کے پس ناگہاں وہ شخص عثمان بن عفان تھے

قَالَ فَاَقْبَلْتُ عَلَیْهِ بِوَجْهِهٖ فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

کہا مرہ نے پس دکھایا میں نے آنحضرت صلعم کو منہ عثمان کا پس کہا میں نے یہ شخص فرمایا حضرت صلعم نے ہاں روایت کی یہ ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَعَنْ

اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ اور روایت ہے

عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال يا عثمان إنه لعل الله يقمصك

حضرت عائشہ رضہ سے ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان تحقیق شان یہ ہے کہ شاید خدا تعالی پہناوے تجھکو

قميصا فإن أرادوك على خلعه فلا تخلعه لهم رواه الترمذي

ایک کرتہ پس اگر چاہیں لوگ اوتارنا تیرا اس کرتہ کے پس مت اوتارنا تو واسطے اونکے روایت کی یہ ترمذی

وابن ماجة وقال الترمذي في الحديث قصة طويلة وعن

اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ اس حدیث میں قصہ ہے دراز ہے - اور روایت ہے

ابن عمر قال ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم فتنة فقال يقتل هذا فيها

ابن عمر رضہ سے کہ کہا ذکر کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کا پس فرمایا کہ مارا جاویگا یہ اوس فتنہ میں

مظلوما لعثمان رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن

بظلم کہا یہ واسطے عثمان کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن

غريب إسنادا وعن أبي سهلة قال قال لي عثمان يوم الدار

غریب ہے از روی سند کے - اور روایت ہے ابی سہلہ عثمان کے مولی سے کہا کہ کہا واسطے میرے عثمان نے روز شہادت دار کے

إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عهد إلي عهدا وأنا صابر عليه

تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی مجکو وصیت اور میں تحمل کرنیوالا ہوں اوس عہد پر

رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح الفصل الثالث

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے - فصل تیسری

عن عثمان بن عبد الله بن موهب قال جاء رجل من أهل مصر يريد

روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ کہا آیا ایک شخص اہل مصر سے اسحالیکہ ارادہ کرتا تھا

حج البيت فرأى قوما جلوسا فقال من هؤلاء القوم قالوا هؤلاء

حج کعبہ کا پس دیکھا ایک جماعت کو بیٹھی ہوئی پس کہا اوسنے کہ کون ہیں یہ قوم کہا لوگوں نے کہ یہ

قريش قال فمن الشيخ فيهم قالوا عبد الله بن عمر قال يا ابن عمر

قریش ہیں کہا اوس شخص نے پس کون ہے شیخ انمیں کہا اونہوں نے عبد اللہ بن عمر کہا اوس شخص نے اے ابن عمر

إني سائلك عن شيء فحدثني هل تعلم أن عثمان فر يوم أحد قال

تحقیق میں پوچھتا ہوں تجھسے کچھ پس جواب دے مجکو آیا جانتے ہو تم کہ عثمان بھاگ گئے تھے روز احد کے کہا ابن عمر نے

نعم قال هل تعلم انه تغيب عن بدر و لم يشهدها قال نعم قال هل

ہاں یہ بھی ہے کہا اور اس شخص نے آیا جانتے ہو تم کہ عثمان غائب تھے غزوہ بدر سے اور وہاں حاضر نہ ہوئے کہا ابن عمر نے ہاں کہا اور دوسرا آیا

تعلم انه تغيب عن بيعة الرضوان فلم يشهدها قال نعم قال الله

جانتے ہو تم کہ عثمان غائب تھے بیعة الرضوان سے اور نہ حاضر ہوئے وہاں کہا ابن عمر نے ہاں تو کہا اس نے اللہ

اكبر قال ابن عمر تعال ابين لك اما فراره يوم احد فاشهد ان

اکبر کہا ابن عمر نے کہ آ بیان کروں میں تجھ سے حقیقت حال کی لیکن بھاگنا عثمان کا روز احد کے پس گواہی دیتا ہوں میں کہ

الله عفا عنه و اما تغيبه عن بدر فانه كانت تحته رقية بنت

خدا تعالیٰ نے معاف کیا اوسے اور لیکن غائب ہونا عثمان رض کا بدر سے پس سبب اسکے تھا کہ تھیں انکے نکاح میں رقیہ بیٹی

رسول الله صلى الله عليه وسلم و كانت مريضة فقال له رسول الله صلى

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور تھیں وہ بیمار پس فرمایا عثمان رض کے لیے رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم ان لك اجر رجل ممن شهد بدرا و سهمه و اما تغيبه

علیہ وسلم نے کہ تیرے لیے ثواب ایک شخص کا ہے اون لوگوں میں سے کہ حاضر ہوئے بدر میں اور حصہ اوسکا ہے اور لیکن غائب ہونا

عن بيعة الرضوان فلو كان احد اعز ببطن مكة من عثمان

بیعة الرضوان سے اس سبب سے تھا کہ اگر ہوتا کوئی عزت والا اندر مکہ کے عثمان رض سے

لبعثه فبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عثمان و كانت بيعة الرضوان

تو البتہ بھیجتے حضرت صلعم اوسکو پس بھیجا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عثمان کو اور تھی بیعت رضوان حدیبیہ میں

بعد ما ذهب عثمان الى مكة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده

بعد چلے جانے عثمان رض کے مکہ کو پس اشارہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ہاتھ

اليمنى هذه يد عثمان فضرب بها على يده و قال هذه لعثمان

داہنے اپنے کے اصحاب میں کہ یہ ہاتھ میرا ہاتھ ہے عثمان کا پس مارا داہنا ہاتھ اپنا اوپر بائیں کے اور کہا یہ ہاتھ واسطے عثمان کے

ثم قال ابن عمر اذهب بها الآن معك رواه البخاري و عن

پھر کہا ابن عمر رض نے کہ لیجا ان سوالوں کے جواب اب ساتھ اپنے روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے

ابي سهلة مولى عثمان قال جعل النبي صلى الله عليه وسلم يسر الى عثمان و

ابی سہلہ مولے عثمان رض سے کہ کہا شروع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سرگوشی کرنے کو ساتھ عثمان سے اور

لون عثمان يتغير فلما كان يوم الدار قلنا الا نقاتل قال لا ان

رنگ عثمان کا متغیر ہوتا تھا پس جبکہ ہوا واقعہ دن دار کا کہا ہمنے کیا نہ لڑیں ہم اونسے کہا عثمان نے نہ لڑو تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم عهد الى امرا فانا صابر نفسي عليه وعن

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی ہے طرف میرے ایک امر کی پس ہوں میں روکنے والا اپنے نفس کو اس امر پر اور روایت ہے

ابي حبيبة انه دخل الدار وعثمان محصور فيها وانه سمع ابا هريرة

ابی حبیبہ سے کر وہ داخل ہوئی عثمان رض کے گھر میں حالیکہ عثمان گھیرے گئے تھے گھر میں اور تحقیق ابو حبیبہ نے سنا ابو ہریرہ کو

يستأذن عثمان في الكلام فاذن له فقام فحمد الله واثنى عليه ثم

کہ وہ اذن مانگتے ہیں عثمان سے کلام کرنے کا بیچ میں پس اذن دیا عثمان نے پس کھڑے ہوئے ابو ہریرہ پس حمد کی اللہ کی اور ثنا کی

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انكم ستلقون بعدي فتنة

کہا ابو ہریرہ نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ تحقیق تم دیکھو گے پیچھے میرے بلائیں

واختلافا او قال اختلافا وفتنة فقال له قائل من الناس فمن

اور بہت اختلاف یا فرمایا حضرت نے پہلے لفظ اختلاف کا اور پھر فتنہ کا پس کہا آنحضرت سے کہنے والے نے لوگوں میں سے پس کس کے

لنا يا رسول الله او ما تأمرنا به قال عليكم بالامير واصحابه و

ہمارے لیے یا رسول اللہ یا کہا اوسنے پس کیا حکم کرتے ہو ہمکو فرمایا حضرت نے کہ لازم ہے تمکو متابعت امیر کی اور یاران اوس کے کی اور

هو يشير الى عثمان بذلك رواهما البيهقي في دلائل النبوة

وہ اشارہ کرتے تھے طرف عثمان کے ساتھ اس کے روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے دلائل النبوۃ میں

باب مناقب هؤلاء الثلثة رضي الله عنهم

باب بیچ مناقب ان تینوں کے راضی ہو اللہ تعالے اونسے

الفصل الاول

الفصل الاول عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم صعد

فصل پہلی روایت ہے انس رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم چڑھے

احدا وابو بكر وعمر وعثمان فرجف بهم فضربه برجله فقال

کوہ احد پر اور ابو بکر اور عمر اور عثمان رض بھی پس ہلا احد پس مارا آنحضرت صلعم نے پیر مبارک کو ساتھ پاؤں اپنے کے

اثبت احد فانما عليك نبي وصديق وشهيدان رواه البخاري

ٹھہر تو ساکن ہو اے احد پس نہیں اوپر تجھ کے مگر نبی اور صدیق اور دو شہید روایت کی یہ بخاری نے

وعن ابی موسی الاشعری قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حائط

اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا تھا میں ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک باغ میں

من حیطان المدینۃ فجاء رجل فاستفتح فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

باغوں مدینہ کے سے پس آیا ایک شخص پس کھلوایا اوسنے دروازہ پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

افتح لہ وبشرہ بالجنۃ ففتحت لہ فاذا ابو بکر فبشرتہ بما قال

کھولدے واسطے اوسکے دروازہ اور بشارت دے اوسکو بہشت کی پس کھولا میں نے واسطے اوسکے دروازہ پس ناگہان وہ شخص ابو بکر تھے پس بشارت دی میں نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم جاء رجل فاستفتح فقال

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس شکر کیا ابو بکر نے اللہ کا پھر آیا اور ایک شخص اور دروازہ کھلوایا پس فرمایا

النبی صلی اللہ علیہ وسلم افتح لہ وبشرہ بالجنۃ ففتحت لہ فاذا

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کھولدے اسکے لیے دروازہ اور بشارت دے اسکو بہشت کی پس کھولا میں نے اوسکے لیے پس ناگہان

عمر فاخبرتہ بما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم استفتح

عمر رض تھے پس خبر دی میں نے اونکو ساتھ اوس چیز کے کہ فرمائی نبی صلعم نے پس شکر کیا عمر نے خدا کا پھر کھلوایا دروازہ

رجل فقال لی افتح لہ وبشرہ بالجنۃ علی بلوی تصیبہ فاذا عثمان

ایک اور شخص نے پس فرمایا حضرت نے مجھکو کہ کھولدے دروازہ اوسکے لیے اور بشارت دے اوسکو بہشت کی ساتھ بلاء عظیم کے کہ ہو پہنچیگی اوسکو

فاخبرتہ بما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحمد اللہ ثم قال اللہ المستعان

پس خبر دی میں نے اونکو ساتھ اوس چیز کے کہ فرمائی نبی صلعم نے پس شکر کیا عثمان نے اللہ کا پھر کہا اللہ سے طلب مدد کی کیجاتی ہے

متفق علیہ الفصل الثانی عن ابن عمر قال کنا نقول ورسول

متفق علیہ۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا کہتے تھے ہم اس حال میں کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی ابو بکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم رواہ الترمذی

خدا صلے اللہ علیہ وسلم زندہ تھے ابو بکر اور عمر اور عثمان راضی ہو اللہ ان سے روایت کی یہ ترمذی نے

الفصل الثالث عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال

فصل تیسری۔ روایت ہے جابر رض سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اری اللیلۃ رجل صالح کان ابا بکر نیط برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہ دکھلایا گیا میں خواب میں آجکی رات ایک مرد صالح گویا کہ ابو بکر لٹکائے گئے ہیں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

وَنِيطَ عُمَرُ بِأَبِي بَكْرٍ وَنِيطَ عُثْمَانُ بِعُمَرَ قَالَ جَابِرٌ فَلَمَّا قُمْنَا مِنْ عِنْدِ

اور لٹکائے گئے عمر ساتھ ابی بکر کے اور لٹکائے گئے عثمان ساتھ عمر رض کے کہا جابر رض نے پس جب اوٹھے ہم

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا أَمَّا الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے کہا ہمنے ایسا مرد صالح کہ خبر شنے نے فرمایا رسول خدا ہوئیں صلی اللہ علیہ وسلم

وَأَمَّا نَوْطُ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ فَهُمْ وُلَاةُ الْأَمْرِ الَّذِي بَعَثَ اللّٰهُ بِهِ نَبِيَّهُ

اور ایسا اتصال بعض کا ساتھ بعض کے سو یہ ہیں کہ یہ لوگ والی اوس کام کے ہیں کہ بھیجا ہے خدا تعالیٰ نے ساتھ اوس کام کے اپنے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

صلی اللہ علیہ وسلم کو روایت کی یہ ابوداؤد نے -

بَابُ مَنَاقِبِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رض

یہ باب ہے بیچ مناقب علی بن ابی طالب رض کے

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ

فصل پہلی - روایت ہے سعد بن ابی وقاص رض سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے علی رض کے کہ تو مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ ع سے مگر فرق یہی ہے کہ

لَا نَبِيَّ بَعْدِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ وَ

نہیں کوئی پیغمبر بعد میرے - متفق علیہ - اور روایت ہے زر بن حبیش رض سے کہا کہا علی رض نے قسم ہے

الَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ إِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اوس خدا کی کہ پھاڑا دانہ کو اور پیدا کیا تمام ذی روح کو تحقیق شان یہ ہے کہ البتہ حکم کیا نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم نے

إِلَيَّ أَنْ لَا يُحِبَّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضَنِي إِلَّا مُنَافِقٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

طرف میری یہ کہ دوست نہیں رکھیگا مجھکو مگر مومن اور دشمن نہیں رکھیگا مجھکو مگر منافق روایت کی یہ مسلم نے -

وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ

اور روایت ہے سہل بن سعد ساعدی رض سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن غزوہ خیبر کے

لَأُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ

دونگا میں یہ نشان کل کو ایک شخص کو فتح کریگا اللہ تعالیٰ قلعہ خیبر کو اوسکے ہاتھ پر دوست رکھیگا وہ شخص

وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ

اور رسول خدا کو اور دوست رکھیگا اوسکو خدا اور رسول خدا پس جب صبح کی لوگوں نے آئے صبح کو پاس رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کلھم یرجون ان یعطاھا فقال این علی بن ابی

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں کہ سب صحابہ امید رکھتے تھے کہ دیا جاوے نشان اونکو پس فرمایا حضرت نے کہاں ہیں علی بن ابی

طالب فقالوا ھو یا رسول اللہ یشتکی عینیہ قال فارسلوا الیہ

طالب رضی اللہ عنہ پس کہا اصحاب نے کہ وہ یا رسول اللہ شکایت رکھتے ہیں اپنی آنکھوں کی فرمایا حضرت نے پس بھیجو کسیکو طرف انکے

فاتی بہ فبصق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی عینیہ فبرأ حتی کان لم

پس لائے گئے علی رضی اللہ عنہ پس آب دہن ڈالا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی آنکھوں میں پس تندرست ہو گئے علی یہانتک کہ گویا نہ

یکن بہ وجع فاعطاہ الرایۃ فقال علی یا رسول اللہ اقاتلھم حتی

تہا اونکے کچھ درد پس دیا اونکو نشان پس کہا علی نے کہ یا رسول اللہ لڑوں میں اونسے یہانتک کہ

یکونوا مثلنا قال انفذ علی رسلک حتی تنزل بساحتھم ثم

ہوں وہ مانند ہمارے کہ فرمایا آنحضرت نے گذر اوپر نرمی اور آہستگی اپنی کی یہانتک کہ اوترے تو اونکی زمین میں پھر

ادعھم الی الاسلام واخبرھم بما یجب علیھم من حق اللہ فیہ

بلاؤ اونکو طرف اسلام کے اور خبر دے اونکو ساتھ اوس چیز کے کہ واجب ہے اونپر حق خدا سے اسلام میں

فواللہ لان یھدی اللہ بک رجلا واحدا خیر لک من ان

پس قسم خدا کی یہ کہ ہدایت کرے خدا تعالی بسبب تیرے ایک مرد کو بہتر ہے تیرا اس سے کہ

یکون لک حمر النعم متفق علیہ وذکر حدیث البراء قال لعلی

ہوں تیرے لیے اونٹ سرخ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث براء رضی اللہ عنہ کی کہ فرمایا حضرت نے علی کو

انت منی وانا منک فی باب بلوغ الصغیر الفصل الثانی

کہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے بیچ باب بلوغ صغیر کے فصل دوسری

عن عمران بن حصین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان علیا منی

روایت ہے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق علی مجھ سے ہے

وانا منہ وھو ولی کل مؤمن رواہ الترمذی وعن زید بن

اور میں اوس سے ہوں اور علی رضی اللہ عنہ دوست ہر مومن کا ہے روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت ہے زید بیٹے

ارقم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کنت مولاہ فعلی مولاہ

ارقم رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہوں میں دوست اوسکا پس علی دوست اوسکا ہے

جو اس سے لیئے اسواسطے کہ ثواب کو بقا اور دنیا کو فنا ہے ۵۵ اور میں علی سے ہوں یہ کنایہ ہے کمال اتحاد اور اخلاص اور یگانگت کا

رواہ احمد والترمذی وعن حبشی بن جنادۃ قال قال رسول

روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے حبشی بن جنادہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی منی وانا من علی ولا یؤدی عنی الا انا او علی

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور نہ ادا کرے میری طرف سے کوئی مگر میں یا علی

رواہ الترمذی ورواہ احمد عن ابی جنادۃ وعن ابن عمر قال اخی

روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی جنادہ سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا بھائی چارہ کرایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین اصحابہ فجاء علی تدمع عیناہ فقال

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان یاروں اپنے کے پس آئے علی آنسو بہاتی تھیں آنکھیں انکی کہا

اخیت بین اصحابک ولم تواخ بینی وبین احد فقال رسول

کہ بھائی چارہ کرا دیا آپنے درمیان یاروں اپنے کے اور نہ بھائی چارہ کرایا آپنے درمیان میرے اور درمیان کسی کے پس فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت اخی فی الدنیا والاخرۃ رواہ الترمذی و

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تو بھائی میرا ہے دنیا اور آخرت میں روایت کی یہ ترمذی نے اور

قال ھذا حدیث حسن غریب وعن انس قال کان عند

کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھا نزدیک

النبی صلی اللہ علیہ وسلم طیر فقال اللھم ائتنی باحب خلقک الیک

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جانور پس کہا خداوندا لا میرے پاس اسکو کہ بہت پیارا ہو نزدیک تیرے تیری

یاکل معی ھذا الطیر فجاء علی فاکل معہ رواہ الترمذی

کھاوے وہ ساتھ میرے اس جانور کو پس آئے حضرت علی اور کھایا ساتھ انکے روایت کی یہ ترمذی نے

وقال ھذا حدیث غریب وعن علی قال کنت اذا سالت

اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تھا میں جب مانگتا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطانی واذا سکت ابتدانی رواہ الترمذی

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ دیتے مجھکو اور جب خاموش رہتا میں دیتے مجھکو بے سوال روایت کی یہ ترمذی نے

وقال ھذا حدیث حسن غریب وعنہ قال قال رسول

اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے علی سے کہا فرمایا رسول

اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مین گھر حکمت کا ہون اور علی دروازہ اوسکا روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ

حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَقَالَ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ

حدیث غریب ہے اور کہا ترمذی نے کہ روایت کی ہے بعضے علمانے یہ حدیث شریک تابعی سے

وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ

اور نہین ذکر کیا اونہون نے اسناد اسحدیث مین صنابحی سے اور نہین پہچانتے ہین ہم اسحدیث کو

أَحَدٍ مِنَ الثِّقَاتِ غَيْرِ شَرِيكٍ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَعَا رَسُولُ اللهِ

کسی سے ثقات مین سے سوائے شریک کے - اور روایت ہے جابر رضہ کہ کہا بلایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا يَوْمَ الطَّائِفِ فَانْتَجَاهُ فَقَالَ النَّاسُ لَقَدْ طَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو دن غزوہ طائف کے پس سرگوشی کی اونسے پس کہا لوگون نے البتہ تحقیق دراز ہوئی

نَجْوَاهُ مَعَ ابْنِ عَمِّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم مَا انْتَجَيْتُهُ وَلٰكِنَّ

سرگوشی آنحضرت کی ساتھ چچا کے بیٹے اپنے کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین خاص کیا مینے اونکو ساتھ سرگوشی

اللهَ انْتَجَاهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ

اللہ نے سرگوشی کی اونسے روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی سعید رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللهِ صلى الله عليه وسلم لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ يُجْنِبُ فِي هٰذَا الْمَسْجِدِ غَيْرِي

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے علی رضہ کے کہ اے علی رضہ نہین ہر واسطے کسیکے کہ پہنچے اوسکو جنابت یہ کہ گذرے اس مسجد مین سوائے

وَغَيْرِكَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ فَقُلْتُ لِضِرَارِ بْنِ صُرَدٍ مَا مَعْنَى

اور سوائے تیرے کہا علی بن منذر نے پس کہا مینے واسطے ضرار بن صرد کے کہ کیا ہین معنے

هٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ يَسْتَطْرِقُهُ جُنُبًا غَيْرِي وَ

اسحدیث کے کہا ضرار نے نہین حلال ہر کسیکو کہ راہ کرے اس مسجد کو حالت جنابت مین سوائے میرے اور

غَيْرِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ

سوائے تیرے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے

وَعَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم جَيْشًا

اور روایت ہے ام عطیہ رضہ سے کہ کہا بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر

فيهم علىٌّ قال فسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو رافع يديه

کہ اونمین علی رضہ تھے کہا ام عطیہ نے پس سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حالمین کہ اوٹھائے ہوے تھے دونو ہاتھ اپنے

يقول اللهم لا تمتني حتى تريني عليا رواه الترمذي الفصل

فرماتے تھے یا الٰہی نہ مار مجھکو یہانتک کہ دکھا دیوے مجھکو علی کو روایت کی یہ ترمذی نے۔ فصل

الثالث عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحب

تیسری روایت ہے ام سلمہ رضہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا

عليا منافق ولا يبغضه مؤمن رواه احمد والترمذي وقال

علی کو منافق اور نہین دشمن رکھتا اوسکو مومن روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن غريب اسنادا وعنها قالت قال رسول

کہ یہ حدیث حسن غریب ہے باعتبار اسناد کے۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من سب عليا فقد سبني رواه احمد وعن

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے برا کہا علی کو پس تحقیق کہ برا کہا مجھکو روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے

علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيك مثل من عيسى ابغضته

علی رضہ سے کہ کہا فرمایا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تجھمین ایک شباہت ہے عیسےٰ سے دشمن رکھا اونکو

اليهود حتى بهتوا امه واحبته النصارى حتى انزلوه بالمنزلة

یہود نے یہانتک کہ تہمت لگائی اونکی ماں کو اور دوست رکھا اونکو نصاریٰ نے یہانتک کہ اوتارا اونکو اوس مرتبہ پر

التي ليست له ثم قال يهلك في رجلان محب مفرط يقرظني

کہ ثابت نہیں ہے اونکے لیے پھر کہا علی نے کہ ہلاک ہونگے میرے حق مین دو شخص ایک تو محبت رکھنے والا حد سے زیادہ تعریف

بما ليس في ومبغض يحمله شنآني على ان يبهتني رواه احمد

اوس چیز کی کہ نہیں ہے مجھمین اور دوسرا دشمن کہ باعث ہوگی اوسکو دشمنی میری اوپر کہ بہتان کرے مجھپر روایت کی یہ احمد نے

وعن البراء بن عازب وزيد بن ارقم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور روایت ہے براء بن عازب اور زید بن ارقم سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

لما نزل بغدير خم اخذ بيد علي فقال الستم تعلمون اني

جب اوترے غدیر خم پر پکڑا آنحضرت صلعم نے ہاتھ علی رضہ کا پھر فرمایا کیا نہیں جانتے تم کہ مین

أولى بالمؤمنين من أنفسهم قالوا بلى قال ألستم تعلمون أني

نزدیک تر ہون ساتھ مومنون کے اونکی نفسون سے عرض کیا صحابہ نے کہ مقرر فرمایا حضرت نے کیا نہیں جانتے تم کہ مین

أولى بكل مؤمن من نفسه قالوا بلى فقال اللهم من كنت مولاه

اقرب ہون ساتھ ہر مومن کے اوسکے نفس سے کہا صحابہ نے مقرر پس فرمایا حضرت نے بار خدایا جو شخص کہ ہون مین دوست اوسکا

فعلي مولاه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه فلقيه

پس علی دوست اوسکا ہے خداوندا دوست رکھ اوس شخص کو کہ دوست رکھے علی کو اور دشمن رکھ اوسکو کہ دشمن رکھے علی کو

عمر بعد ذلك فقال له هنيئا يا ابن أبي طالب أصبحت و

عمر نے بعد اسکے پس کہا عمر نے واسطے علی کے خوشی ہو تمہارے لیے اے بیٹے ابو طالب کے صبح کی تم نے اور

أمسيت مولى كل مؤمن ومؤمنة رواه أحمد وعن بريدة

شام کی تم نے دوست ہر مرد اور عورت مسلمان کے روایت کی یہ احمد نے - اور روایت ہے بریدہ سے

قال خطب أبو بكر وعمر فاطمة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہ کہا پیغام بھیجا خطبہ کا ابو بکر اور عمر نے فاطمہ سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

إنها صغيرة ثم خطبها علي فزوجها منه رواه النسائي

تحقیق وہ چھوٹی ہے پھر پیغام بھیجا فاطمہ کا علی نے پس نکاح کر دیا حضرت نے فاطمہ کا علی سے روایت کی یہ نسائی نے

وعن ابن عباس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر بسد الأبواب

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا یا فرمایا ساتھ بند کرنے دروازون کے

إلا باب علي رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن

سوائے دروازہ علی کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے

علي قال كانت لي منزلة من رسول الله صلى الله عليه وسلم لم تكن لأحد

علی سے کہ کہا تھا میرے لیے ایک مرتبہ نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ تھا کسیکے لیے

من الخلائق إنه بأعلى سحر فأقول السلام عليك يا نبي الله

خلائق مین سے آتا تھا مین حضرت کے پاس اول وقت سحر کے پس کہتا تھا مین السلام علیک یا نبی اللہ

فإن تنحنح انصرفت إلى أهلي وإلا دخلت عليه رواه النسائي

پس اگر کھنکارتے آنحضرت صلعم پھر جاتا مین طرف گھر والون اپنے کے اور اگر نہ کھنکارتے حاضر ہوتا مین آنحضرت کے پاس روایت کی یہ نسائی نے

وَعَنْهُ قَالَ كُنْتُ شَاكِيًا فَمَرَّ بِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُوْلُ

اور روایت ہے علی رضی سے کہ کہا تھا میں بیمار پس گذرے مجپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور میں تھا کہہ رہا تھا

اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَجَلِيْ قَدْ حَضَرَ فَاَرِحْنِيْ وَاِنْ كَانَ مُتَاَخِّرًا فَارْفِغْنِيْ

یا الٰہی اگر اجل میری تحقیق آئی ہے پس راحت دے مجکو اور اگر اجل میں ڈھیل ہے تو پس فراخ کر زندگانی میری

وَاِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ فَاَعَادَ

اور اگر ہے یہ بیماری تو پس صبر دے مجکو پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کسطرح کہا تو نے پس پڑھی علی رضی نے

عَلَيْهِ مَا قَالَ فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ عَافِهِ اَوِ اشْفِهِ شَكَّ

حضرت کے سامنے یہ دعا پس مارا حضرت نے اونکو ساتھ پاؤں اپنے کے اور دعا کی حضرت نے کہ خداوندا عافیت دے اوسکو یا شفا بخش شک کیا

الرَّاوِيْ قَالَ فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجَعِيْ بَعْدُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

راوی نے کہا علی اللہ نے پس نہ بیمار ہوا میں ساتھ اوس درد کی بعد اس دعا کے حضرت کے ہرگز روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ

حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ بَابُ مَنَاقِبِ الْعَشَرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حدیث حسن صحیح ہے۔ باب ہے بیچ بیان مناقب عشرہ مبشرہ کے رضی ہو وے اللہ تعالیٰ ان سے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ عُمَرَ قَالَ مَا اَحَدٌ اَحَقُّ بِهٰذَا الْاَمْرِ

فصل پہلی روایت ہے عمر رضی سے کہ کہا نہیں ہے کوئی سزاوار تر ساتھ اس خلافت کے

مِنْ هٰؤُلَاءِ النَّفَرِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ

ان چند نفر سے کہ وفات کیے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ اون سے تھے

رَاضٍ فَسَمّٰى عَلِيًّا وَعُثْمَانَ وَالزُّبَيْرَ وَطَلْحَةَ وَسَعْدًا وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ

راضی پس نام لیا علی اور عثمان اور زبیر اور طلحہ اور سعد اور عبدالرحمن کا

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ رَاَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ

روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے قیس بیٹے ابی حازم کے سے کہ کہا دیکھا میں نے ہاتھ حضرت طلحہ کا

شَلَّاءَ وَقٰى بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

شل ہو گیا تھا کہ بچایا تھا ساتھ اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دن احد کے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَاْتِيْنِيْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ يَوْمَ الْاَحْزَابِ

جابر رضی سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ لاوے میرے پاس خبر قوم کی دن غزوہ احزاب کے

قَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَّحَوَارِيَّ

کہا زبیر نے کہ میں لاتا ہوں خبر قوم کی پس فرمایا نبی صلعم نے کہ تحقیق ہر نبی کے لیے مددگار ہوتے ہیں اور مددگار میرا

الزُّبَيْرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

زبیر ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے زبیر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہے

يَّاْتِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ فَيَاْتِيْنِيْ بِخَبَرِهِمْ فَانْطَلَقْتُ فَلَمَّا رَجَعْتُ جَمَعَ لِيْ

کہ جاوے بنی قریظہ کے پاس پس لاوے میرے پاس خبر اونکی پس چلا میں پس جبکہ پھرا میں جمع کیے میرے لیے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ فَقَالَ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں باپ اپنے پس فرمایا قربان ہو تیرے باپ میرا اور ماں میری روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ اِلَّا

اور روایت ہے علی رضہ سے کہ کہا نہیں سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جمع کیے ہوں ماں باپ اپنے کسی کے لیے مگر

لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَاِنِّيْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَوْمَ اُحُدٍ يَا سَعْدُ ارْمِ فِدَاكَ

واسطے سعد بن مالک کے پس تحقیق سنا میں نے حضرت سے فرماتے دن غزوہ احد کے اے سعد پھینک تیر قربان ہوں تیرے

اَبِيْ وَاُمِّيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ اِنِّيْ لَاَوَّلُ

باپ ماں میرے متفق علیہ۔ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص رضہ سے کہ کہا تحقیق میں اول

الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

عربوں کا ہوں کہ پھینکا تیر خدا کی راہ میں۔ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا

سَهِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْدَمَهُ الْمَدِيْنَةَ لَيْلَةً فَقَالَ لَيْتَ

نہ سوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم وقت تشریف آنے اپنے کے مدینہ میں ایک رات پس فرمایا حضرت نے کاشکے

رَجُلًا صَالِحًا يَّحْرُسُنِيْ اِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ سِلَاحٍ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالَ

ایک مرد نیکبخت نگہبانی کرے میری ناگہاں سنی ہم نے آواز ہتھیار کی پس فرمایا حضرت نے کون ہے یہ کہا

اَنَا سَعْدٌ قَالَ مَا جَاءَ بِكَ قَالَ وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ خَوْفٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

میں سعد ہوں فرمایا حضرت نے کیا چیز لائی تجھکو کہا سعد نے کہ واقع ہوا میرے دل میں خوف بنسبت رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ اَحْرُسُهُ فَدَعَا لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَامَ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پس آیا میں تا نگہبانی کروں اونکی پس دعا کی سعد کے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر آرام فرمایا

مبادا اعدا کچھ ضرر پہنچاویں ۱۲

متفق علیہ وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل امۃ

متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ہر امت کے

امین وامین ھذہ الامۃ ابو عبیدۃ بن الجراح متفق علیہ

ایک امانت دار ہے اور امانت دار اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے متفق علیہ ۔

وعن ابن ابی ملیکۃ قال سمعت عائشۃ وسئلت من کان رسول

اور روایت ہے ابن ابی ملیکہ رض سے کہ کہا سنا میں نے عائشہ رض سے ام المومنین کہ پوچھی گئیں تھیں وہ کہ کس کو رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مستخلفا لو استخلفہ قالت ابو بکر فقیل ثم من

خدا صلی اللہ علیہ وسلم خلیفہ بنایا کرتے اگر خلیفہ کرتے کسیکو صریحا کہا عائشہ رض نے کہ ابوبکر رض کو پس کہا گیا پھر کس کو کرتے

بعد ابی بکر قالت عمر قیل من بعد عمر قالت ابو عبیدۃ بن

بعد ابی بکر رض کے کہا عائشہ رض نے کہ عمر رض کو کرتے کہا گیا کہ کون پیچھے عمر کے کہا عائشہ رض نے کہ ابو عبیدہ بن

الجراح رواہ مسلم وعن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الجراح کو خلیفہ کرتے روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

کان علی حراء ھو وابو بکر وعمر وعثمان وعلی وطلحۃ والزبیر

تھے پہاڑ حراء پر آنحضرت صلعم اور ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر رض

فتحرکت الصخرۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اھدأ فما علیک

پس ہلا پتھر حرا کا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر جا پس نہیں ہے تجھ پر

الا نبی او صدیق او شہید وزاد بعضہم وسعد بن ابی وقاص

مگر پیغمبر یا صدیق یا شہید اور زیادہ کیا بعضوں نے یہ لفظ اور سعد بن ابی وقاص

ولم یذکر علیا رواہ مسلم الفصل الثانی عن عبد الرحمن

اور ذکر نہیں کیا علی رض کا روایت کی یہ مسلم نے ۔ فصل دوسری روایت ہے عبد الرحمن

ابن عوف ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابو بکر فی الجنۃ وعمر فی الجنۃ

بن عوف رض سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر رض بہشت میں ہیں اور عمر رض بہشت میں ہیں

وعثمان فی الجنۃ وعلی فی الجنۃ وطلحۃ فی الجنۃ والزبیر

اور عثمان رض بہشت میں اور علی رض بہشت میں اور طلحہ رض بہشت میں اور زبیر رض

کو قاضی وزیر بنا کر دل جان نثار فرمایا ۔ ۲ کون ہو بعد عمر رض کے یعنی خلیفہ کرتے ۔ ۳ یعنی بجز پیغمبر اور ابوبکر رض کا صدیق ہونا عالم پر ظاہر ہے باقی بزرگوار شہید ہیں سوائے سعد بن ابی وقاص رض کے اسہال کی بیماری سے مرے تو وہ بھی شہید ہیں چنانچہ اور حدیث میں آیا ہے کہ جو اسہال کی بیماری سے

مناقب العشرۃ رض

[illegible]

فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ

بہشت میں اور عبدالرحمان بن عوف بہشت میں اور سعد بن ابی وقاص

فِي الْجَنَّةِ وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ

بہشت میں اور سعید بن زید بہشت میں اور ابو عبیدہ بن الجراح بہشت میں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ وَعَنْ

روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت کی یہ ابن ماجہ نے سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے اور روایت ہے

أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرْحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُو بَكْرٍ وَأَشَدُّهُمْ

انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے کہ مہربان ترین امت میری کا میری امت پر ابوبکر ہیں اور سخت ترین

فِي أَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ وَأَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَ

بیچ کار دین خدا کے عمر رضی اللہ عنہ ہیں اور بہت سچا ان کا حیا میں عثمان رضی اللہ عنہ ہیں اور بہت فرائض دان ان کا زید بن ثابت ہیں اور

أَقْرَؤُهُمْ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَأَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ

بہت پڑھنے والا قرآن کا ابی بن کعب ہیں اور بہت جاننے والا ان کا حلال و حرام کو معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينٌ وَأَمِينُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

اور ہر امت کے لیے امین ہے اور امین اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَرُوِيَ

روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے

عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ مُرْسَلًا وَفِيهِ وَأَقْضَاهُمْ عَلِيٌّ وَعَنِ الزُّبَيْرِ

معمر سے قتادہ سے بطریق ارسال کے اور معمر کی حدیث میں ہے اور حکم کرنیوالا بہتر امت کا علی رضی اللہ عنہ ہے اور روایت ہے زبیر رضی اللہ عنہ سے

قَالَ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ دِرْعَانِ فَنَهَضَ إِلَى

کہا تھیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر روز احد کے دو زرہیں پس اٹھے آنحضرت صلعم طرف

الصَّخْرَةِ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَقَعَدَ طَلْحَةُ تَحْتَهُ حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الصَّخْرَةِ

ایک بڑی پتھر کے پس نہ چڑھ سکے پس بیٹھو طلحہ نیچے آنحضرت صلعم کے یہاں تک کہ قرار پکڑا آنحضرت نے اوس پتھر پر

فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَوْجَبَ طَلْحَةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

پس سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے واجب کی طلحہ نے روایت کی یہ ترمذی نے

وعن جابر قال نظر رسول الله صلى الله عليه وسلم الى طلحة بن عبيد الله
اور روایت ہی جابر رضہ سے کہ کہا دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف طلحہ بن عبید اللہ کے

قال من احب ان ينظر الى رجل يمشي على وجه الارض وقد قضى
فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ جو کوئی دوست رکھے کہ دیکھے طرف اوس شخص کے چلتا ہو روی زمین پر حالانکہ تحقیق وہ پورا کرچکا ہے

نحبه فلينظر الى هذا وفي رواية من سره ان ينظر الى شهيد
اپنا ذمہ پس چاہیے کہ دیکھے طرف اسکے اور ایک روایت مین یون آیا ہی کہ جسکو خوش لگے کہ دیکھے طرف شہید کے

يمشي على وجه الارض فلينظر الى طلحة بن عبيد الله رواه
کہ چلتا ہو روئے زمین پر تو چاہیے کہ دیکھے طرف طلحہ بن عبید اللہ کے روایت کی یہ

الترمذي وعن علي قال سمعت اذني من في رسول الله
ترمذی نے اور روایت ہی علی رضہ سے کہ کہا سنا میرے کان نے منہ مبارک رسول خدا

صلى الله عليه وسلم يقول طلحة والزبير جاراي في الجنة رواه الترمذي
صلے اللہ علیہ وسلم کے سے کہ فرماتے تھے طلحہ اور زبیر ہمسایہ میرے ہین بہشت مین روایت کی یہ ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وعن سعد بن ابي وقاص ان
اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہی سعد بن ابی وقاص رضہ سے کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يومئذ يعني يوم احد اللهم اشدد
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسدن یعنی روز احد کے خداوندا قوی کر

رميته واجب دعوته رواه في شرح السنة وعنه ان
تیر اندازی اوسکی اور قبول کر دعا اوسکی روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ مین۔ اور روایت ہی انہین سے کہ تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اللهم استجب لسعد اذا دعاك
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یاالہی قبول کر دعا واسطے سعد کے جسوقت کہ دعا مانگے تجھ سے

رواه الترمذي وعن علي قال ما جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم
روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی علی رضہ سے کہ کہا نہین جمع کیا رسول خدا صلعم نے

اباه وامه الا لسعد قال له يوم احد ارم فداك ابي وامي
اپنے باپ اور ماں کو مگر واسطے سعد کے فرمایا واسطے اوسکے روز احد کے پھینک تیر قربان ہو تیرے باپ میرا اور ماں میری

وَقَالَ لَهُ ادْمِ اَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزْوَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

اور فرمایا واسطے اسکے یہ بھی ہے بیشک تیرے نوجوان سہ قوی روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ اَقْبَلَ سَعْدٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَالِيْ فَلْيُرِنِيْ

جابرؓ سے کہ کہا آئے سعدؓ پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ ماموں میرا ہے پس چاہیے کہ دکھاوے مجھکو

اِمْرُءٌ خَالَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ كَانَ سَعْدٌ مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ وَ

کوئی شخص ماموں اپنے کو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ تھے سعد بنی زہرہ میں سے اور

كَانَتْ اُمُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ فَلِذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ

تھیں والدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بنی زہرہ سے پس اسی سبب سے فرمایا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَالِيْ وَفِي الْمَصَابِيْحِ فَلْيُكْرِمَنَّ بَدَلَ فَلْيُرِنِيْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ ماموں میرا ہے اور مصابیح میں آیا ہے پس چاہیے کہ اکرام کرے ہر ماموں اپنے کا بدلے لفظ فلیرنی کے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ

فصل تیسری روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہ کہا سنا میں نے سعد

بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ مِّنَ الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ

بن ابی وقاص سے کہتے تحقیق میں اول اون شخصوں کا ہوں عرب میں سے کہ پھینکا تیر

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَرَاَيْتُنَا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا

راہ خدا میں اور دیکھا میں نے اپنے تئیں کہ جہاد کرتے تھے ہم ساتھ ہو کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہیں تھی ہمارے لیے

طَعَامٌ اِلَّا الْحُبْلَةُ وَوَرَقُ السَّمُرِ وَاِنْ كَانَ اَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ

کچھ خوراک مگر پھل کیکر کے اور پتے کیکر کے اور تحقیق ایک ہمارا پاخانہ پھرتا تھا جیسے مینگنیاں

الشَّاةُ مَا لَهٗ خِلْطٌ ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُوْ اَسَدٍ تُعَزِّرُنِيْ عَلَى

بکریاں درحالیکہ نہیں تھی واسطے اسکے آمیزش پھر ہوئے بنو اسد توبیخ کرتے ہیں مجھکو

الْاِسْلَامِ لَقَدْ خِبْتُ اِذًا وَّضَلَّ عَمَلِيْ وَكَانُوْا وَشَوْا بِهٖ اِلٰى عُمَرَ

اسلام پر البتہ تحقیق نا امید ہوا میں اس وقت اور گم ہوا عمل میرا اور تھے بنو اسد کہ شکایت کی تھی سعد کی نزدیک عمرؓ کے

وَقَالُوْا لَا يُحْسِنُ يُصَلِّيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ

اور کہا تھا کہ نہیں اچھی طرح پڑھتے نماز متفق علیہ۔ اور روایت ہے سعدؓ سے کہ کہا

رَأَيْتُنِي وَأَنَا ثَالِثُ الْإِسْلَامِ وَمَا أَسْلَمَ أَحَدٌ إِلَّا فِي الْيَوْمِ الَّذِي أَسْلَمْتُ

البتہ تحقیق جانتا ہوں میں اپنے تئیں اور میں تیسرا تھا اہل اسلام کا اور نہیں اسلام لایا کوئی مگر بیچ اوس دن کہ اسلام لایا میں

فِيهِ وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّي لَثُلُثُ الْإِسْلَامِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اوس میں اور البتہ تحقیق ٹھہرا میں سات دن اسی حالت پر کہ تحقیق میں البتہ تیسرا اہل اسلام کا تھا روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِنِسَائِهِ إِنَّ

اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی بیویوں کو کہ تحقیق

أَمْرَكُنَّ مِمَّا يُهِمُّنِي مِنْ بَعْدِي وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ إِلَّا الصَّابِرُونَ

کام تمہارا اوس قسم سے ہو کر فکر میں ڈالتا ہے مجکو بعد میرے اور صبر نہیں کرینگے اوپر احوال تمہارے مگر صبر کرنیوالے

الصِّدِّيقُونَ قَالَتْ عَائِشَةُ يَعْنِي الْمُتَصَدِّقِينَ ثُمَّ قَالَتْ عَائِشَةُ

صدیق کہا عائشہ رضی نے کہ مراد رکھتے تھے آنحضرت صدقہ دینے والے پھر کہا عائشہ رضی نے

لِأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَقَى اللَّهُ أَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ

واسطے ابی سلمہ بن عبد الرحمن کے کہ پلاوے خدا تعالی تیرے باپ کو چشمہ بہشت سے

وَكَانَ ابْنُ عَوْفٍ قَدْ تَصَدَّقَ عَلَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ بِحَدِيقَةٍ

اور تھا عبد الرحمن بن عوف کہ تحقیق تصدق کیا تھا آنحضرت کی بیویوں پر ایک باغ کہ

بِيعَتْ بِأَرْبَعِينَ أَلْفًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ

بیچا گیا چالیس ہزار کو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا اونہوں

سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِأَزْوَاجِهِ إِنَّ الَّذِي يَحْثُو

سنا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے واسطے بیویوں اپنی کے کہ تحقیق وہ شخص کہ لپ بھر

عَلَيْكُنَّ بَعْدِي هُوَ الصَّادِقُ الْبَارُّ اللَّهُمَّ اسْقِ عَبْدَ الرَّحْمَنِ

خرچ کریگا تمپر بعد میرے وہ سچا نیک ہے یا الہی پلا عبد الرحمن

ابْنَ عَوْفٍ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ حُذَيْفَةَ

بن عوف کو چشمہ بہشت سے روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے حذیفہ سے

قَالَ جَاءَ أَهْلُ نَجْرَانَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ

کہا آئے اہل نجران رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا اونہوں نے یا رسول

اللّٰهِ ابْعَثْ إِلَيْنَا رَجُلًا أَمِينًا فَقَالَ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ

الله بھیج طرف ہماری ایک شخص امانتدار پس فرمایا حضرت نے کہ البتہ بھیجونگا میں طرف تمہاری ایک شخص امانتدار

أَمِينٍ فَاسْتَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ قَالَ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ

امانت دار پس منتظر ہوئے واسطے امارت کے لوگ کہا حذیفہ نے پس بھیجا حضرت نے ابو عبیدہ بن الجراح کو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ

متفق علیہ۔ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہ عرض کیا گیا حضرت سے کہ یا رسول اللہ کسکو

نُؤَمِّرُ بَعْدَكَ قَالَ إِنْ تُؤَمِّرُوا أَبَا بَكْرٍ تَجِدُوهُ أَمِينًا زَاهِدًا فِي الدُّنْيَا

امیر کریں ہم اپنے پر بعد وفات آپکی کے فرمایا حضرت نے اگر امیر کرو گے تم بعد میرے ابو بکر کو پاؤ گے تم اسکو امانت دار بے رغبت دنیا میں

رَاغِبًا فِي الْآخِرَةِ وَإِنْ تُؤَمِّرُوا عُمَرَ تَجِدُوهُ قَوِيًّا أَمِينًا لَا يَخَافُ فِي

راغب آخرت میں اور اگر امیر کرو گے تم عمر کو پاؤ گے تم اوسکو قوی امین نہیں ڈرتا ہے بیچ جاری کرنے

اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَإِنْ تُؤَمِّرُوا عَلِيًّا وَلَا أُرَاكُمْ فَاعِلِينَ تَجِدُوهُ

احکام دین خدا کے ملامت کسی ملامت کرنیوالے کی سے اور اگر امیر کرو گے تم علی کو حالانکہ تحقیق میں نہیں گمان کرتا ہوں تمکو کرنیوالا

هَادِيًا مَهْدِيًّا يَأْخُذُ بِكُمُ الطَّرِيقَ الْمُسْتَقِيمَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْهُ

راہ راست دکھانیوالا سیدھا لیجاویگا تمکو راہ راست کو روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے علی سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ وَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ ابو بکر کو کہ نکاح کر دیا مجھسے اپنی بیٹی کا اور

حَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ وَصَحِبَنِي فِي الْغَارِ وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ

سوار کرا لایا مجھکو اونٹنی پر طرف دار ہجرت کے اور ساتھ رہا میرے غار میں اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے

رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُولُ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَا لَهُ مِنْ

رحمت کرے اللہ عمر کو کہتا ہے حق اگرچہ تلخ لگے کسیکو کر دیا اوسکو حق گوئی نے اس حالت میں کہ نہیں

صَدِيقٍ رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ يَسْتَحْيِيهِ الْمَلَائِكَةُ رَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا اللّٰهُمَّ

کوئی دوست رحمت کرے اللہ عثمان کو کہ حیا کرتے ہیں اوس سے فرشتے رحمت کرے خدا اوپر علی کو خداوندا

أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ حَيْثُ دَارَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ

پھیر حق کو ساتھ علی کے جدھر کو پھرے علی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غريب باب مناقب اهل بيت النبي صلى الله عليه

غریب ہے - یہ باب ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے گہر والوں کی تعریف میں -

وسلم الفصل الاول عن سعد بن ابي وقاص قال

فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا

لما نزلت هذه الاية فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءكم دعا

جب اتری یہ آیت پس کہہ آؤ بلاوین ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو بلایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا وفاطمة وحسنا وحسينا فقال

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو پس کہا حضرت نے

اللهم هؤلاء اهل بيتي رواه مسلم وعن عائشة قالت

خداوندا یہ ہین اہل بیت میرے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا

خرج النبي صلى الله عليه وسلم غداة وعليه مرط مرحل من شعر اسود

باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح میں اور حضرت پر ایک کملی تھی نقشدار سیاہ بالوں سے

فجاء الحسن بن علي رضي الله عنه فادخله ثم جاء الحسين

پس آئے حسن بن علی راضی ہو اللہ اونسے پس داخل کیا حضرت نے اونکو پہر آئے امام حسین

فدخل معه ثم جاءت فاطمة فادخلها ثم جاء علي فادخله

پس داخل کیا اونکو ساتھ حسن کے پہر آئین فاطمہ پس داخل کیا حضرت نے فاطمہ کو پہر آئے علی پس داخل کیا اونکو

ثم قال انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت و

پہر پڑہی یہ آیت نہین چاہتا ہے خدا تعالی مگر یہ کہ دور کرے تمسے گناہوں کی پلیدی اے اہل بیت نبوت اور

يطهركم تطهيرا رواه مسلم وعن البراء قال لما توفي ابراهيم

پاک کرکے تمکو پاک کرنا روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے براء رضی سے کہا جس وقت کہ وفات پائی ابراہیم نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان له مرضعا في الجنة رواه البخاري

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اوسکے لیے دودہ پلانیوالی ہے بہشت میں روایت کی یہ بخاری نے

وعن عائشة قالت كنا ازواج النبي صلى الله عليه وسلم عنده فاقبلت

اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا تہین ہم کہ بیبیان نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ہین نزدیک حضرت کے پس آئین

فاطمۃ ما تخفی مشیتہا من مشیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما راھا

فاطمہ نہیں چھپتی تھی روش چال فاطمہ کی روش چال رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی سے پس جبکہ دیکھا حضرت نے

قال مرحبا یا بنتی ثم اجلسہا ثم سارھا فبکت بکاءً شدیدًا

فرمایا کشادگی ہو بیٹی میری کو پھر لے بٹھایا حضرت نے فاطمہ کو پھر بات کی آہستہ چپکے سے پس روئیں فاطمہ رونا سخت

فلما رای حزنہا سارھا الثانیۃ فاذا ھی تضحک فلما قام

پس جبکہ دیکھی اپنے غمگینی فاطمہ کی کچھ چپکے سے کہا اونسے دوسری بار پس ناگہان وہ ہنسنے لگیں پس جبکہ اوٹھے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالتہا عما سارک قالت ما کنت لافشی

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پوچھا میں نے فاطمہ سے کیا سرگوشی کی حضرت نے تجھسے کہا فاطمہ نے نہیں ہوں میں کہ ظاہر کروں

علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرہ فلما توفی قلت عزمت علیک

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا بھید پس جب وفات ہوئی حضرت کی کہا میں نے قسم دیتی ہوں میں تجھکو

بما لی علیک من الحق لما اخبرتنی قالت اما الان فنعم اما

اوس حق کے کہ واسطے میرے ہے اوپر تمہارے مگر یہ کہ خبر دو تم مجھکو کہا فاطمہ نے لیکن اب پس ہاں لیکن

حین سارنی فی الامر الاول فانہ اخبرنی ان جبریل کان

جس وقت کہ چپکے سے کہا حضرت نے مجھسے اول بار میں پس تحقیق حضرت نے خبر دی مجھکو کہ جبریل علیہ السلام تھے

یعارضنی القرآن کل سنۃ مرۃ وانہ عارضنی بہ العام مرتین

دَور کرتے مجھسے قرآن کا ہر برس میں ایک بار اور تحقیق جبریل نے دَور کیا قرآن کا اس سال میں مجھسے دو بار

ولا اری الاجل الا قد اقترب فاتقی اللہ واصبری فانی

اور نہیں گمان کرتا ہوں میں اجل کو مگر تحقیق نزدیک پہنچی پس تقوی کر اور صبر کر پس تحقیق میں

نعم السلف انا لک فبکیت فلما رای جزعی سارنی الثانیۃ

اچھا پیش رو ہوں واسطے تیرے تو روئی میں پس جبکہ دیکھی حضرت نے بے صبری میری تو سرگوشی کی مجھسے دوسری بار

قال یا فاطمۃ الا ترضین ان تکونی سیدۃ نساء اہل الجنۃ

فرمایا اے فاطمہ راضی نہیں ہے تو کہ ہووے تو بہتر عورتوں کی بہشت کی عورتوں میں سے

او نساء المؤمنین وفی روایۃ فسارنی فاخبرنی انہ یقبض

یا خاص اس امت کی عورتوں سے اور ایک روایت میں ہے کہ پس سرگوشی کی حضرت نے مجھسے پس خبر دی کہ وفات پاوینگے

ف یہاں حضرت نے صاف کہا کہ اس حدیث سے اس بات کی ثابت ہوا کہ فاطمہ زہرا افضل ہیں تمام عورتوں سے ... اور مریم علیہا السلام سے بھی ...

فائدہ: فرماتا ہے اللہ تعالی واصطفاک علی نساء العالمین ... سبحان اللہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت علیہم السلام کا کتنا بڑا درجہ ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالی عنہا اس امت کی سب عورتوں کی سردار ہیں اور امام حسن اور امام حسین علیہما السلام سب جوانان جنتیوں کے سردار ہیں اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ ...

آخر میں میں راضی ہوں اللہ عزوجل ان پر ...

فِي وَجْهِهٖ فَبَكَيْتُ ثُمَّ سَارَّنِيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنِّيْ اَوَّلُ اَهْلِ بَيْتِهٖ اَتْبَعُهٗ

اس بیماری میں پس روئی میں پھر سرگوشی کی حضرت نے مجھ سے پس خبر دی مجکو کہ میں اول اہل بیت اونکی ہوں کہ ملوں

فَضَحِكْتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

پس ہنسی میں متفق علیہ اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رضہ سے یہ کہ تحقیق رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّيْ فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِيْ وَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہ رضہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہیں پس جسنے غصہ میں ڈالا اوسکو پس گویا کہ غصہ میں ڈالا

فِيْ رِوَايَةٍ يُرِيْبُنِيْ مَا اَرَابَهَا وَيُؤْذِيْنِيْ مَا اٰذَاهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور ایک روایت میں ہے قلق میں ڈالتی ہے مجکو وہ چیز کہ قلق میں ڈالتی ہے فاطمہ کو اور ایذا دیتی ہے مجکو وہ چیز کہ ایذا دیتی ہے اوسکو متفق علیہ

وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِيْنَا

اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہا اونسے کہ کھڑے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز درمیان ہمارے

خَطِيْبًا بِمَاءٍ يُدْعٰى خُمًّا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى

خطبہ فرماتے ایک پانی پر نام رکھا جاتا تھا اوس پانی کا خم درمیان مکہ اور مدینہ کے پس تعریف کی اللہ کی اور ثنا کی

عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَلَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

اوسپر اور نصیحت کی لوگوں کو اور وعظ فرمایا پھر فرمایا حضرت صلعم نے بعد حمد و ثنا کے آگاہ ہو اے لوگو نہیں ہوں میں

اَنَا بَشَرٌ يُّوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ رَسُوْلُ رَبِّيْ فَاُجِيْبَ وَاَنَا تَارِكٌ

مگر آدمی مثل تمہارے قریب ہے کہ آوے میرے پاس بھیجا ہوا پروردگار میرے کا پس قبول کروں میں اور میں چھوڑنے والا ہوں

فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ الْهُدٰى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا

درمیان تمہارے دو چیزیں بھاری اول ان دونوں کا قرآن ہے کہ اوسمیں بیان راہ راست کا ہے اور نور ہے پس پکڑو تم

بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوْا بِهٖ فَحَثَّ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ

کتاب اللہ کو اور چنگل مارو ساتھ اوسکے پس برانگیختہ کیا حضرت صلعم نے صحابہ کو اوپر کتاب اللہ کے اور رغبت دلائی اوسمیں

ثُمَّ قَالَ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ

پھر فرمایا آنحضرت صلعم نے اور دوسری چیز بھاری اہل بیت میرے ہیں یاد دلاتا ہوں میں تمکو خدا کی ...

كِتَابُ اللّٰهِ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ مَنِ اتَّبَعَهٗ كَانَ عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ تَرَكَهٗ

کہ کتاب خدا کی وہ رسی خدا کی ہے جو کوئی پیروی کرے کتاب خدا کی ہو گا راہ راست پر اور جو کوئی چھوڑ دے اوسکو

كَانَ عَلَى الضَّلَالَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا سَلَّمَ

ہو گا گمراہی پر روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے تحقیق وہ تھے جب سلام کرتے

عَلَى ابْنِ جَعْفَرٍ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

عبداللہ بن جعفر پر کہتے سلام تجھ پر اے بیٹے صاحب دو بازوؤں کے روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهٖ

اور روایت ہے براء رضی سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ حسن بن علی ان کے کندھے پر تھے

يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهٗ فَاَحِبَّهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

درحالیکہ کہتے تھے آنحضرت اے خداوند تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ تو اسکو متفق علیہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا

خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ طَائِفَةٍ مِّنَ النَّهَارِ حَتّٰى اَتٰى

باہر نکلا میں ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ ایک ٹکڑے کے دن سے یہاں تک کہ آئے حضرت

خِبَاءَ فَاطِمَةَ فَقَالَ اَثَمَّ لُكَعُ اَثَمَّ لُكَعُ يَعْنِيْ حَسَنًا فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ

فاطمہ کے گھر میں پس فرمایا کیا یہاں لڑکا ہے کیا یہاں لڑکا ہے مراد رکھتے تھے حضرت امام حسن کو پس دیر نہ کی

جَاءَ يَسْعٰى حَتّٰى اعْتَنَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

آئے حسن دوڑتے ہوئے یہاں تک کہ گلے سے لگ گیا ہر ایک ان دونوں میں سے صاحب اپنے سے پس فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهٗ فَاَحِبَّهٗ وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے خداوندا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ اسکو اور دوست رکھ اس شخص کو جو دوست رکھتا ہے اسکو متفق علیہ

وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَ

اور روایت ہے ابی بکرہ رضی سے کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور

الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اِلٰى جَنْبِهٖ وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ مَرَّةً وَّعَلَيْهِ اُخْرٰى

حسن بن علی آنحضرت کے پہلو میں تھے اور حال یہ تھا کہ آنحضرت متوجہ ہوتے تھے لوگوں پر ایکبار اور حسن پر دوسری بار

لُ اِنَّ ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ وَّلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ

کہتے آنحضرت تحقیق یہ بیٹا میرا سید ہے اور امید ہے کہ خدا صلح کرا دے بسبب اسکے درمیان دو جماعتوں

تَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

مسلمانوں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عبدالرحمن بن

ابي نعم قال سمعت عبد الله بن عمر وسأله رجل عن المحرم قال شعبة

ابی نعم سے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمر رض سے اور پوچھا ان سے ایک شخص نے حکم محرم کا کہا شعبہ نے

احسبه يقتل الذباب قال اهل العراق يسألوني عن الذباب و

گمان کرتا ہوں میں کہ مارتا ہے مکھی کو تو کہا ابن عمر نے اہل عراق کے پوچھتے ہیں مجھ سے مکھی کے مارنے سے حالانکہ

قد قتلوا ابن بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال رسول الله صلى الله

قتل کیا انہوں نے بیٹے کو بیٹی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم هما ريحاني من الدنيا رواه البخاري وعن انس قال

علیہ وسلم نے اور حسن حسین دو پھول میرے ہیں دنیا سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا

لم يكن احد اشبه بالنبي صلى الله عليه وسلم من الحسن بن علي وقال في

نہیں تھا کوئی بہت مشابہ ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن بن علی سے اور کہا انس نے بیچ

الحسين ايضا كان اشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري

حسین کے بھی کہ تھے وہ مشابہ تر ان لوگوں کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کی یہ بخاری نے

وعن ابن عباس قال ضمني النبي صلى الله عليه وسلم الى صدره فقال

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا ملایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف سینہ اپنے کے اور کہا

اللهم علمه الحكمة وفي رواية علمه الكتاب رواه البخاري و

یا الٰہی سکھلا اسکو حکمت اور ایک روایت میں ہے کہ سکھلا اسکو کتاب اللہ روایت کی یہ بخاری نے۔ اور

عنه قال ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل الخلاء فوضعت له وضوءا

روایت ہے انہیں ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے پاخانہ میں پس رکھا میں نے حضرت کیلئے پانی وضو کا

فلما خرج قال من وضع هذا فاخبر فقال اللهم فقهه في

پس جب آنحضرت نکلے پاخانہ سے فرمایا کہ کسنے رکھا ہے یہ پانی پس خبر دی گئی پس دعا کی حضرت نے کہ خداوندا سمجھ دے ابن عباس کو

الدين متفق عليه وعن اسامة بن زيد عن النبي صلى الله عليه وسلم

دین میں متفق علیہ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ روایت کی نبی صلعم سے

كان يأخذه والحسن فيقول اللهم احبهما فاني احبهما وفي رواية قال

کہ آنحضرت تھے پکڑتے اوسکو اور امام حسن کو پھر کہتے خداوندا دوست رکھ ان دونوں کو بسبب اسکے کہ تحقیق میں دوست رکھتا ہوں

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُنِي فَيُقْعِدُنِي عَلَى فَخِذِهِ وَيُقْعِدُ

کرتے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لیتے مجکو اور بٹھلاتے مجکو اپنے ران پر اور بٹھلاتے

الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَلَى فَخِذِهِ الْأُخْرَى ثُمَّ يَضُمُّهُمَا ثُمَّ يَقُولُ اللّٰهُمَّ

حسن بن علی رضہ کو اپنے دوسرے ران پر پھر ملاتے دونوں کو پھر فرماتے خداوندا

ارْحَمْهُمَا فَإِنِّي أَرْحَمُهُمَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ

مہربانی کر ان دونوں پر اسواسطے کہ مین مہربانی کرتا ہون ان دونوں پر روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ

کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک لشکر اور امیر کیا اوس لشکر پر اسامہ رضہ بن زید کو

فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِي إِمَارَتِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ

پس طعن کیا بعضے لوگون نے بیچ امارت اسامہ بن زید کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر

كُنْتُمْ تَطْعَنُونَ فِي إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُونَ فِي إِمَارَةِ أَبِيهِ مِنْ

ہو تم کہ طعن کرتے ہو اوسکی امارت مین پس تحقیق تھے تم کہ طعن کرتے تھے تم بیچ امارت باپ اوسکے

قَبْلُ وَايْمُ اللهِ إِنْ كَانَ لَخَلِيقًا لِلْإِمَارَةِ وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ

پہلے اس سے اور قسم خدا کی تحقیق تھا باپ اوسکا لائق امارت کے اور تحقیق تھا محبوب ترین لوگون سے

إِلَيَّ وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

طرف میری اور تحقیق یہ جملہ محبوب ترین لوگون سے ہے نزدیک میرے پیچھے باپ اپنے کے متفق علیہ اور بیچ

رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَحْوُهُ وَفِي آخِرِهِ أُوصِيكُمْ بِهِ فَإِنَّهُ مِنْ صَالِحِيكُمْ وَعَنْهُ

ایک روایت مسلم کے مانند اسکے ہے اور آخر حدیث مین ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا وصیت کرتا ہون مین تمکو پس تحقیق وہ جملہ صالحین

قَالَ إِنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنَّا نَدْعُوهُ

کہ کہا اونہون نے کہ زید بن حارثہ غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہیں ہم پکارتے اوسکو

إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

مگر کہکر زید بن محمد یہانتک کہ اوترا قرآن ادعوهم لآبائهم روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور

ذُكِرَ حَدِيثُ الْبَرَاءِ قَالَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّي فِي بَابِ بُلُوغِ الصَّغِيرِ وَ

ذکر کی گئی حدیث براء کی کہ جسکا سرا یہ ہے کہا واسطے علی کے تو میرے سے ہے بیچ باب بلوغ صغیر اور

حضانته الفصل الثاني عن جابر قال رأيت رسول

حضانتہ اوسکی فصل دوسری روایت ہے جابر رضہ سے کہ دیکھا مینے رسول

الله صلى الله عليه وسلم في حجته يوم عرفة وهو على ناقته القصواء

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع مین روز عرفہ کے اور آنحضرت صلعم اپنی اونٹنی قصوا پر سوار تھے

يخطب فسمعته يقول يا أيها الناس إني تركت فيكم ما إن أخذتم

خطبہ پڑھتے تھے پس سنا مینے حضرت صلعم کو فرماتے تھے آگاہ رہو اے لوگو تحقیق مینے چھوڑی ہے درمیان تمہارے وہ چیز کہ اگر

به لن تضلوا كتاب الله وعترتي أهل بيتي رواه الترمذي

اوسکو ہرگز نہ گمراہ ہوگے تم کتاب اللہ اور عترت اپنی کو اہل بیت اپنے روایت کی یہ ترمذی نے

وعن زيد بن أرقم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني تارك

اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مین چھوڑتا ہون

فيكم ما إن تمسكتم به لن تضلوا بعدي أحدهما أعظم من

تم مین وہ چیز کہ اگر پکڑے رہوگے تم اوسکو ہرگز گمراہ نہین ہوگے پیچھے میرے ایک اونمین سے بڑی ہے

الآخر كتاب الله حبل ممدود من السماء إلى الأرض وعترتي

دوسری سے کتاب اللہ کہ وہ مانند رسی کے ہے دراز کی گئی آسمان سے طرف زمین کے اور اپنی عترت کو

أهل بيتي ولن يتفرقا حتى يردا علي الحوض فانظروا كيف

اہل بیت میرے ہین اور ہرگز نہین جدا ہونگی کتاب اللہ اور عترت میری یہانتک کہ آوینگی میرے پاس حوض کوثر پر پس دیکھو کیونکر

تخلفوني فيهما رواه الترمذي وعنه أن رسول الله صلى

خلیفہ ہوتے ہو تم میری ان دونو چیزون مین روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم قال لعلي وفاطمة والحسن والحسين أنا حرب لمن حاربهم

علیہ وسلم نے فرمایا واسطے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے کہ مین لڑنیوالا ہون اوس شخص سے کہ لڑے انسے اور

وسلم لمن سالمهم رواه الترمذي وعن جميع بن عمير

اور صلح کرنیوالا ہون اوس شخص سے کہ صلح کرے انسے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے جمیع بن عمیر رضہ سے

قال دخلت مع عمتي على عائشة فسألت أي الناس كان أحب

کہ کہا داخل ہوا مین ہمراہ پھوپھی اپنی کے حضرت عائشہ کے پاس پس پوچھا مینے کونسا لوگون مین بہت پیارا تھا

إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت فاطمة فقيل من الرجال قالت

طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا عائشہ نے کہ فاطمہ پس پوچھا گیا عائشہ سے کہ مردوں میں سے کون پیارا تھا

زوجها رواه الترمذي وعن عبد المطلب بن ربيعة أن

خاوند اونکا روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق

العباس دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم مغضبا وأنا عنده

عباس چچا آنحضرت کے آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں کہ بہ سبب غصہ کے لال ہو گئے تھے اور میں تھا

فقال ما أغضبك قال يا رسول الله ما لنا ولقريش

پس فرمایا حضرت نے کہ کس چیز نے غصہ میں کر ڈالا تجھکو کہا عباس نے یا رسول اللہ کیا حال ہے واسطے ہمارے اور واسطے قریش

إذا تلاقوا بينهم تلاقوا بوجوه مبشرة وإذا لقونا لقونا بغير

جسوقت ملتے ہیں وہ آپس میں تو ملتے ہیں ساتھ چہروں تر و تازہ کے اور جسوقت کہ ملتے ہیں ہم سے ملتے ہیں بغیر

ذلك فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى احمر وجهه ثم قال

اس صفت کے پس غصہ ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ بہت سرخ ہو گیا چہرہ حضرت کا پھر فرمایا

والذي نفسي بيده لا يدخل قلب رجل الإيمان حتى يحبكم

قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہیں داخل ہوگا کسی شخص کے دل میں ایمان یہانتک کہ دوست رکھے تمکو

لله ولرسوله ثم قال أيها الناس من آذى عمي فقد آذاني

واسطے خدا اور رسول اوسکے پھر فرمایا آگاہ رہو اے لوگو جو کوئی ستاوے میرے چچا کو پس گویا کہ ایذا دی مجکو

فإنما عم الرجل صنو أبيه رواه الترمذي وفي المصابيح عن المطلب

اسلیے کہ نہیں ہے چچا مرد کا مگر مانند باپ اوسکے روایت کی یہ ترمذی نے اور مصابیح میں مطلب سے ہے

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العباس مني

اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عباس مجھ سے ہے

وأنا منه رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى

اور میں اوس سے ہوں روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے اوسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم للعباس إذا كان غداة الاثنين فأتني أنت وولدك

علیہ وسلم نے واسطے عباس رضی اللہ عنہ کے جسوقت کہ ہو صبح پیر کے دن کی پس آ تو میرے پاس اور اولاد تیری

حتى ادعو لكم بدعوة ينفعك الله بها وولدك فغدا وغدونا

یہانتک کہ دعا کروں میں واسطے تمہارے ساتھ دعا کہ نفع دے تجکو اللہ بسبب اسکے اور نفع دے تیری اولاد کو کہا ابن عباس نے

معه والبسنا كساءه ثم قال اللهم اغفر للعباس وولده

ہمراہ اونکے اور اوڑہائی حضرت نے ہمکو چادر اپنی پھر کہا یا الہی بخش واسطے عباس رض کے اور اولاد اسکی کے

مغفرة ظاهرة وباطنة لا تغادر ذنبا اللهم احفظه في ولده

بخشش ظاہر اور باطن کہ نہ چھوڑے کسی گناہ کو یا الہی سکہ نگاہ رکھ اوسکو بیچ اولاد اسکی کے

رواه الترمذي وزاد رزين واجعل الخلافة باقية في عقبه

روایت کی یہ ترمذی نے اور زیادہ کیا رزین نے اور گردان بادشاہی باقی بیچ اسکے اولاد اوسکے اور

قال الترمذي هذا حديث غريب وعنه انه رأى جبرئيل

کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ اونہوں نے دیکھا جبرئیل کو

مرتين ودعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم مرتين رواه الترمذي

دوبار اور دعا کی اونکے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو بار روایت کی یہ ترمذی نے

وعنه انه قال دعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يؤتيني الله

اور انہیں سے روایت ہے کہ اونہوں نے کہا دعا کی میرے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ دیوے مجکو اللہ

الحكمة مرتين رواه الترمذي وعن ابي هريرة قال كان

حکمت دو بار روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا تھے

جعفر يحب المساكين ويجلس اليهم ويحدثهم ويحدثونه

جعفر دوست رکھتے مسکینوں کو اور بیٹھتے اونکے پاس اور باتیں کرتے اونسے اور مسکین باتیں کرتے اونسے

وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكنيه بابي المساكين رواه الترمذي

اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کنیت کرتے اونکو ابو المساکین روایت کی یہ ترمذی نے ۔

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت جعفرا يطير في

اور انہیں سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھا میں نے جعفر کو کہ اوڑتے ہوئے

الجنة مع الملائكة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

بہشت میں ساتھ فرشتوں کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحسن و
اور روایت ہی ابی سعید رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حسن اور

الحسين سيدا شباب اهل الجنة رواه الترمذي وعن
حسین دونو سردار ہین بہشت کے اہل جوانون کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی

ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الحسن والحسين هما
ابن عمر رضہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق حسن اور حسین وہ دونون

ريحاني من الدنيا رواه الترمذي وقد سبق في الفصل
پہول ہین میرے دنیا سے روایت کی یہ ترمذی نے اور تحقیق گذری یہ حدیث فصل

الاول وعن اسامة بن زيد قال طرقت النبي صلى الله عليه وسلم ذات
پہلے مین۔ اور روایت ہی اسامہ بن زید رضہ سے کہا کہ رات کو آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

ليلة في بعض الحاجة فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وهو مشتمل على شيء
ایک رات بسبب بعض حاجت کے پس نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ وہ لپٹے ہوئے تہے ایک چیز پر

لا ادري ما هو فلما فرغت من حاجتي قلت ما هذا الذي
کہ نہین جانتا تہا مین کہ کیا ہے وہ چیز پس جب فارغ ہوا مین اپنی حاجت سے کہا مینے کیا ہی یہ چیز کہ

انت مشتمل عليه فكشفه فاذا الحسن والحسين على وركيه
تم لپٹنے والے ہو اسپر پس کہولا حضرت صلعم نے اوسکو پس ناگہان حسن اور حسین اوپر دونون کولون اونکے

فقال هذان ابناي وابنا ابنتي اللهم اني احبهما فاحبهما
پس فرمایا یہ دونون بیٹے میرے ہین اور بیٹے بیٹی میری کے خداوندا باتحقیق مین دوست رکہتا ہون ان دونون

واحب من يحبهما رواه الترمذي وعن سلمى قالت دخلت
اور دوست رکہ اوس شخص کو کہ دوست رکہے ان دونونکو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی سلمی سے کہا داخل ہوئی مین

على ام سلمة وهي تبكي فقلت ما يبكيك قالت رأيت رسول
اوپر ام سلمہ کے اور وہ روتی تہین پس کہا مینے کس چیز نے رولایا تمکو کہا دیکہا مینے رسول

الله صلى الله عليه وسلم تعني في المنام وعلى رأسه ولحيته التراب فقلت
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین اور اونکے سر اور داڑہی مبارک پر خاک تہی پس کہا مینے

مالك يا رسول الله قال شهدت قتل الحسين انفا رواه

کیا ہوا ہے تمکو یا رسول اللہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ حاضر ہوا تھا میں حسین کے قتل میں اب روایت کی یہ

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس قال سئل

ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا پوچھے گئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم اي اهل بيتك احب اليك قال الحسن و

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ کونسا شخص تمہارے اہل بیت میں سے محبوب تر ہے طرف تمہارے فرمایا حسن اور

الحسين وكان يقول لفاطمة ادعي لي ابني فيشمهما ويضمهما

حسین اور تھے آنحضرت صلعم کہ فرماتے فاطمہ کو بلا میرے لیے دونو میرے بیٹوں کو پس سونگھتے حسن اور حسین کو

اليه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن بريدة

طرف اپنی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے بریدہ رضی اللہ عنہ سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطبنا اذ جاء الحسن والحسين

کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ خطبہ پڑھتے تھے ہمارے آگے ناگہان آئے حسن اور حسین

وعليهما قميصان احمران يمشيان ويعثران فنزل رسول الله

تھے ان دونو پر کرتے سرخ چلتے تھے دونون اور گر گر پڑتے تھے زمین پر پس اترے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم من المنبر فحملهما ووضعهما بين يديه ثم قال

صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے پس اوٹھایا انکو اور رکھا ان دونو کو آگے اپنے پھر کہا

صدق الله انما اموالكم واولادكم فتنة نظرت الى هذين

سچ فرمایا اللہ نے سوائے اسکے نہیں کہ مال تمہارے اور اولاد تمہارے فتنہ ہے میں دیکھا میں نے طرف ان دونون

الصبيين يمشيان ويعثران فلم اصبر حتى قطعت حديثي

لڑکون کے کہ چلتے تھے اور گر گر پڑتے تھے پس نہ صبر کرسکا میں یہانتک کہ موقوف کی میں نے بات اپنی

ورفعتهما رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن يعلى

اور اوٹھا لیا میں نے ان دونو کو روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے یعلی

ابن مرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حسين مني وانا من

بن مرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حسین مجھ سے ہے اور میں

حُسَيْنٌ أَحَبَّ اللهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِّنَ الْأَسْبَاطِ

حسین سے دوست رکھا اللہ نے کو اوس شخص نے کہ دوست رکھا حسین کو حسین سبط ہے اسباط سے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْحَسَنُ أَشْبَهُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ

روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا حسن مشابہ ہے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ

علیہ وسلم کی اوس چیز میں کہ درمیان سینہ کے ہے سر تک اور حسین مشابہ ہے نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ حُذَيْفَةَ

علیہ وسلم کے اوس چیز میں کہ ہے سینہ سے نیچے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے حذیفہ رضی سے

قَالَ قُلْتُ لِأُمِّي دَعِيْنِي آتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُصَلِّي مَعَهُ الْمَغْرِبَ

کہ کہا کہا میں نے اپنی ماں سے کہ تو چھوڑ دے مجھکو جاؤں میں آنحضرت صلعم کی خدمت میں اور نماز پڑھوں میں اونکے ساتھ مغرب کی

وَأَسْأَلُهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لِي وَلَكِ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّيْتُ

اور سوال کروں میں اونسے یہ کہ طلب بخشش کی کریں خدا سے واسطے میرے اور واسطے تمہارے پس آیا میں پیغمبر خدا صلعم کے پاس اور ادا کی میں نے

مَعَهُ الْمَغْرِبَ فَصَلَّى حَتَّى صَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ انْفَتَلَ فَتَبِعْتُهُ فَسَمِعَ صَوْتِي

اونکے ساتھ نماز مغرب کی پھر تک ادا کی حضرت نے نوافل یہاں تک کہ پڑھی نماز عشا کی پھر پھرے حضرت نماز سے اور رجوع کی گھر کی طرف

فَقَالَ مَنْ هٰذَا حُذَيْفَةُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَا حَاجَتُكَ غَفَرَ اللهُ لَكَ وَ

پس فرمایا حضرت نے کون ہے یہ تو حذیفہ ہے کہا میں نے ہاں حضرت نے فرمایا کیا ہے حاجت تیری بخشے اللہ تجھکو اور

لِأُمِّكَ إِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

تیری ماں کو تحقیق یہ ایک فرشتہ ہے کہ نہیں اوترا طرف زمین کے کبھی پہلے اس رات کے

اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَيُبَشِّرَنِي بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ

پروانگی طلب کی اوسنے اپنے رب سے کہ سلام کرے مجھپر اور خوشخبری دے مجھکو ساتھ اسکے کہ فاطمہ سردار ہے بہشت کی عورتوں کی

أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ

اور تحقیق حسن اور حسین سردار ہیں بہشت کے جوانوں کے روایت کی یہ

التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہ کہا

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهِ فَقَالَ

تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوٹھاتے ہوئے حسن بن علی کو اپنے کندھے پر پس کہا

رَجُلٌ نِعْمَ الْمَرْكَبُ رَكِبْتَ يَا غُلَامُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنِعْمَ الرَّاكِبُ

ایک شخص نے اچھی سواری پر سوار ہوا تو اے لڑکے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اور اچھا سوار ہے

هُوَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عُمَرَ أَنَّهُ فَرَضَ لِأُسَامَةَ فِي ثَلٰثَةِ آلَافٍ

وہ روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عمر رضہ سے یہ کہ انہوں نے تنخواہ معین کی اسامہ بن زید کے لیے ساڑھے تین

وَخَمْسِمِائَةٍ وَفَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِي ثَلٰثَةِ آلَافٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ

ہزار اور معین کیواسطے عبد اللہ بن عمر کے تین ہزار پس کہا عبد اللہ

ابْنُ عُمَرَ لِأَبِيهِ لِمَ فَضَّلْتَ أُسَامَةَ عَلَيَّ فَوَاللّٰهِ مَا سَبَقَنِي إِلٰى مَشْهَدٍ

بن عمر نے اپنے باپ سے کہ کس سبب سے فضیلت دی تم نے اسامہ کو مجھ پر پس قسم خدا کی نہیں سبقت کی ہے اوس نے مجھسے طرف کسی

قَالَ لِأَنَّ زَيْدًا كَانَ أَحَبَّ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَبِيكَ وَ

کہا عمر نے اس سبب سے کہ زید محبوب تر تھا نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تیرے باپ سے اور

كَانَ أُسَامَةُ أَحَبَّ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكَ فَآثَرْتُ حِبَّ

تھا اسامہ محبوب تر نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تجھسے پس ترجیح دی میں نے محبوب

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حِبِّي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَبَلَةَ بْنِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کو اپنے محبوب پر۔ روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے جبلہ بن

حَارِثَةَ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ

حارثہ سے کہا کہ آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا میں نے یا رسول

اللّٰهِ ابْعَثْ مَعِي أَخِي زَيْدًا قَالَ هُوَ ذَا فَإِنِ انْطَلَقَ مَعَكَ لَمْ أَمْنَعْهُ

اللہ بھیجو میرے ساتھ میرے بھائی زید کو فرمایا حضرت نے وہ یہ ہے پس اگر جاوے تیرے ساتھ تو منع نہیں کرتا ہوں میں

قَالَ زَيْدٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَا أَخْتَارُ عَلَيْكَ أَحَدًا قَالَ فَرَأَيْتُ

کہا زید نے یا رسول اللہ قسم ہے خدا کی نہیں اختیار کرتا ہوں میں تمپر کسی کو کہا جبلہ نے پس جانی میں نے

رَأْيَ أَخِي أَفْضَلَ مِنْ رَأْيِي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أُسَامَةَ

عقل اپنے بھائی کی بہتر اپنے عقل سے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے اسامہ

ابن زيد قال لما ثقل رسول الله صلى الله عليه وسلم هبطت وهبط الناس

بن زید نے کہا اسامہ نے جب کہ ضعیف ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور سخت بیمار ہوئے اترا میں اور اترے لوگ

المدينة فدخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد أصمت فلم يتكلم

مدینہ میں پس داخل ہوا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حالیکہ تحقیق چپ کرائے گئے تھے وہ پس نہ بولے

فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع يديه على ويرفعهما فأعرف أنه

پھر شروع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھتے تھے دونوں ہاتھ اپنے مجھ پر اور اٹھاتے تھے ان دونوں کو پس پہچانا میں کہ وہ

يدعو لي رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن عائشة

دعا کرتے ہیں میرے لیے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عائشہ سے

قالت أراد النبي صلى الله عليه وسلم أن ينحي مخاط أسامة قالت عائشة

کہا ارادہ کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ دور کریں اسامہ کا آب بینی کہا عائشہ نے

دعني حتى أنا الذي أفعل قال يا عائشة أحبيه فإني أحبه رواه

چھوڑ دو مجھکو تاکہ میں کروں یہ کام فرمایا حضرت نے اے عائشہ دوست رکھو تو اسامہ کو اسلیے کہ میں دوست رکھتا ہوں اس کو

الترمذي وعن أسامة قال كنت جالسا إذ جاء علي والعباس

ترمذی نے۔ اور روایت ہے اسامہ سے کہ کہا اسامہ نے کہ تھا میں بیٹھا ہوا ناگہاں آئے علی رض اور عباس رض

يستأذنان فقالا يا أسامة استأذن لنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم

اجازت مانگتے تھے طلب کرتا اذن کا اندر جانے کیلیے پس کہا دونوں نے واسطے اسامہ کے اذن طلب کر ہمارے لیے رسول خدا صلعم سے

فقلت يا رسول الله علي والعباس يستأذنان فقال أتدري ما

پس کہا میں نے یا رسول اللہ علی اور عباس رض پروانگی مانگتے ہیں آنیکی پس فرمایا حضرت صلعم نے کیا جانتا ہے تو کہ کیا چیز

جاء بهما قلت لا قال لكني أدري ائذن لهما فدخلا فقالا يا رسول

لائی ہے ان دونوں کو کہا میں نے نہیں فرمایا حضرت صلعم نے لیکن میں جانتا ہوں پروانگی دے ان دونوں کو پس داخل ہوئے دونوں اور عرض کیا یا رسول

الله جئناك نسألك أي أهلك أحب إليك قال فاطمة بنت

اللہ آئے ہیں ہم تیرے پاس کہ پوچھیں ہم آپ سے کون شخص آپکے اہل بیت میں سے محبوب تر ہے نزدیک آپکے فرمایا فاطمہ بیٹی

محمد صلى الله عليه وسلم فقالا ما جئناك نسألك عن أهلك قال أحب

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر کہا علی اور عباس رض نے کہ نہیں آئے ہیں ہم تمہارے پاس کہ پوچھیں ہم حال اہل بیت تمہارے کا سے فرمایا محبوب ترین

ہم یعنی ہم آپ کی اولاد و ازواج سے نہیں پوچھتے بلکہ متعلقین میں سے پوچھتے ہیں ۱۲

کیا انکے حسن و جمال میں کچھ استہزا اور تمسخر اور اظہار خوشی کا طریق پر کہ حاصل ہوئی اس بدبخت کو انکے قتل ہونے پر [illegible]

أَهْلِي إِلَيَّ مَنْ قَدْ أَنْعَمَ اللهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتُ عَلَيْهِ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ

اہل میں سے پیارا میرے نزدیک وہ شخص ہے کہ تحقیق انعام کیا خدا نے اوس پر اور انعام کیا میں نے اوس پر وہ شخص اسامہ بن زید ہے

قَالَا ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُولَ اللهِ

کہا علی و عباس نے بعد اوسکے کون ہے فرمایا حضرت نے پھر علی بن ابی طالب ہے پس کہا عباس نے یا رسول اللہ

جَعَلْتَ عَمَّكَ آخِرَهُمْ قَالَ إِنَّ عَلِيًّا سَبَقَكَ بِالْهِجْرَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کیا آپ نے اپنے چچا کو آخر اہل بیت میں کا فرمایا حضرت نے کہ تحقیق علی نے سبقت کی ہے تم سے ساتھ ہجرت کرنے کے روایت کی یہ ترمذی نے

وَذُكِرَ أَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيهِ فِي كِتَابِ الزَّكٰوةِ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

اور ذکر کی گئی حدیث ان عم الرجل صنو ابیہ کی بیچ کتاب الزکوۃ کے ۔ فصل تیسری

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلَّى أَبُو بَكْرٍ الْعَصْرَ ثُمَّ خَرَجَ يَمْشِي

روایت ہے عقبہ بن الحارث رض سے کہا اوس نے کہ نماز پڑھی ابو بکر رض نے عصر کی پھر نکلے اسحال میں کہ راہ چلتے تھے

وَمَعَهُ عَلِيٌّ فَرَأَى الْحَسَنَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَحَمَلَهُ عَلَى عَاتِقِهِ

اور اونکے ساتھ علی رض تھے پس دیکھا ابو بکر نے حسن کو کہ کھیل رہے ہیں ساتھ لڑکوں کے پس اوٹھا لیا ابو بکر نے حسن رض کو اپنے کندھے پر

وَقَالَ بِأَبِي شَبِيهٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَبِيهًا بِعَلِيٍّ وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ

اور کہا فدا ہو باپ میرا یہ مشابہ ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں مشابہ ہے ساتھ علی کے اور علی ہنستے تھے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ أُتِيَ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ زِيَادٍ بِرَأْسِ

روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا لایا گیا نزدیک شقی عبید اللہ بن زیاد کے سر مبارک

الْحُسَيْنِ فَجُعِلَ فِي طَسْتٍ فَجَعَلَ يَنْكُتُ وَقَالَ فِي حُسْنِهِ شَيْئًا قَالَ

حضرت حسین رض کا پس رکھا گیا سر حسین کا بیچ طاس کے پس ہوا وہ شقی کہ چھیڑتا تھا انگلی سے اور کہا بیچ حسن حسین کے کچھ کہا

أَنَسٌ فَقُلْتُ وَاللهِ إِنَّهُ كَانَ أَشْبَهَهُمْ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ

انس رض نے پس کہا میں نے قسم خدا کی تحقیق یہ تھے بہت مشابہ اہل بیت میں سے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تھا سر اونکا

مَخْضُوبًا بِالْوَسْمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ كُنْتُ

رنگا ہوا ساتھ وسمہ کے روایت کی یہ بخاری نے اور ترمذی کی روایت میں یوں آیا ہے کہا انس نے تھا میں

عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ فَجِيءَ بِرَأْسِ الْحُسَيْنِ فَجَعَلَ يَضْرِبُ بِقَضِيبٍ فِي أَنْفِهِ

نزدیک ابن زیاد کے پس لایا گیا سر حضرت حسین کا اوسکے پاس اوس شقی نے شروع کیا مارنا ساتھ چھڑی کے امام حسین کی ناک میں

ويقول ما رأيت مثل هذا حسنا فقلت أما إنه كان من أشبههم

اور کہتا تھا نہیں دیکھا میں نے مانند اسکے حسن میں بس کہا میں نے خبردار تحقیق یہہ تھا مشابہ ترین لوگونکے

برسول الله صلى الله عليه وسلم وقال هذا حديث صحيح حسن غريب

ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح حسن غریب ہے۔

وعن أم الفضل بنت الحارث أنها دخلت على رسول

اور روایت ہے ام فضل بیٹی حارث کی سے کہ وہ آئیں رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني رأيت حلما منكرا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا یا رسول اللہ تحقیق میں نے دیکھا ہے ایک خواب برا

الليلة قال وما هو قالت إنه شديد قال وما هو قالت رأيت

آجکی رات فرمایا حضرت نے اور کیا ہے وہ خواب کہا ام فضل نے تحقیق وہ خواب سخت ہے فرمایا حضرت نے کیا ہے وہ کہا ام فضل نے

كأن قطعة من جسدك قطعت ووضعت في حجري فقال رسول

گویا ایک ٹکڑا آپکے بدن مبارک سے کاٹا گیا ہے اور رکھا گیا ہے میری گود میں پس فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم رأيت خيرا تلد فاطمة إن شاء الله غلاما يكون في

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو نے خواب اچھا جنیگی فاطمہ بیٹا اگر چاہا خدا نے ہوگا وہ بیچ

حجرك فولدت فاطمة الحسين فكان في حجري كما قال رسول

تیری گود میں پس جنی فاطمہ نے حسین کو پس تھا وہ میری گود میں جیسے کہ فرمایا تھا رسول

الله صلى الله عليه وسلم فدخلت يوما على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضعته

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس آئی میں ایک روز رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس رکھدیا میں نے حسین کو

في حجره ثم كانت مني التفاتة فإذا عينا رسول الله صلى الله عليه وسلم

آنحضرت کی گود میں پھر میں دیکھنے لگی اور طرف پھر دیکھا میں نے آپکی طرف پس ناگہاں آنکھیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

تهريقان الدموع قالت فقلت يا نبي الله بأبي أنت وأمي ما لك

ڈالتی تھیں آنسو کہا ام الفضل نے پس کہا میں نے اے نبی اللہ قربان ہوں باپ ماں میرے تم پر کیا ہوا آپکو کہ روتے ہو

قال أتاني جبرئيل عليه السلام فأخبرني أن أمتي ستقتل ابني هذا فقلت

فرمایا حضرت نے آئے میرے پاس جبرئیل اور خبر دی مجھکو کہ تحقیق امت میری نزدیک ہے کہ قتل کریگی اس بیٹے میرے کو پس کہا میں نے

هٰذا قال نعم واتانی بتربۃ من تربتہ حمراء وعن ابن عباس انہ

کہ اس بیٹے کو کہا انہوں نے ہاں اور دی مجھ کو جبرئیل نے مٹی اس کی مٹی سے سرخ ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے تحقیق انہوں نے

قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما یری النائم ذات یوم بنصف النہار

کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیچ اس حالت کے کہ دیکھتا ہے سونیوالا ایک روز ایک وقت دوپہر کے

اشعث اغبر بیدہ قارورۃ فیہا دم فقلت بابی انت وامی ما ہٰذا

کہ پراگندہ بال گرد آلودہ حضرت صلعم کے ہاتھ میں ایک شیشہ ہے کہ اس میں خون ہے پس کہا میں نے باپ میرا اور ماں میری قربان ہوں تم پر یہ

قال ہٰذا دم الحسین واصحابہ لم ازل التقطہ منذ الیوم فاحصی

فرمایا حضرت صلعم نے یہ خون حسین رض کا اور اس کے یاروں کا ہے ہمیشہ رہا میں چنتا اس کو ابتداء اس روز سے ابن عباس نے کہا یاد

ذٰلک الوقت فاجد قتل ذٰلک الوقت رواہما البیہقی فی دلائل

اس وقت کو پس پایا میں نے کہ قتل کیے گئے حسین رض اسی وقت روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے دلائل

النبوۃ واحمد الاخیر وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

النبوۃ میں اور روایت کی احمد نے حدیث اخیر ۔ اور ابن عباس سے روایت ہے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

احبوا اللہ لما یغذوکم من نعمہ واحبونی لحب اللہ واحبوا اہل

دوست رکھو خدا کو بسبب اس چیز کے کہ پرورش کرتا ہے تم کو نعمت سے پس دوست رکھو مجھ کو بسبب دوستی خدا کی اور دوست رکھو میرے اہل

بیتی لحبی رواہ الترمذی وعن ابی ذر انہ قال وہو اٰخذ بباب

بیت کو بسبب دوستی میری کے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر غفاری سے یہ کہ انہوں نے کہا حالانکہ پکڑے ہوئے تھے دروازہ

الکعبۃ سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول الا ان مثل اہل بیتی

کعبے کے دروازہ کو کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے آگاہ رہو حال و مثل اہل بیت میرے کی

فیکم مثل سفینۃ نوح من رکبہا نجا ومن تخلف عنہا ہلک

تم میں مثال کشتی نوح ع کی ہے جو کوئی سوار ہوا کشتی نوح میں نجات پائی اور جو کوئی سوار نہ ہوا اس میں ہلاک ہوا

رواہ احمد باب مناقب ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

روایت کی یہ احمد نے یہ باب ہے بیچ بیان مناقب بیویوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کے

الفصل الاول عن علی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول

فصل پہلی ۔ روایت ہے علی رض سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ

اپنے زمانہ میں مریم بیٹی عمران کی سب عورتوں سے افضل اور بہتر امت محمدی میں خدیجہ سب عورتوں سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ أَبُو كُرَيْبٍ وَأَشَارَ وَكِيعٌ إِلَى السَّمَاءِ وَ

روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت کے یوں آیا ہے کہ کہا ابو کریب نے اور اشارہ کیا وکیع نے طرف آسمان اور

الْأَرْضِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَى جِبْرَئِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

زمین کے اور روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہ کہا آئے جبرئیل ع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا

يَا رَسُولَ اللهِ هٰذِهِ خَدِيجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيهِ إِدَامٌ أَوْ

یا رسول اللہ یہہ خدیجہ ہیں تحقیق آئیں ساتھ اونکے ہے باسن کہ اوس میں سالن ہے یا

طَعَامٌ فَإِذَا أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي وَبَشِّرْهَا

طعام ہے پس جس وقت کہ آویں خدیجہ آپکے پاس پس کہو اوسپر سلام اوسکے رب کیطرف سے اور میری طرف سے اور خوشخبری

بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ساتھ ایک گھر کے بہشت میں موتی پولے سے نہ شور ہوگا اوس گھر میں اور نہ رنج متفق علیہ

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا نہیں غیرت کی میں نے کسی پر آنحضرت صلعم کی بیویوں میں سے

مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ وَمَا رَأَيْتُهَا وَلٰكِنْ كَانَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ

جسقدر کہ رشک کیا میں نے خدیجہ پر حالانکہ نہیں دیکھا تھا میں نے خدیجہ کو ولیکن تھے آنحضرت کہ بہت یاد کرتے خدیجہ کو

الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خَدِيجَةَ فَرُبَّمَا

بکری کو پھر بہت سے ٹکڑے کرتے اوسکے پھر بھیجتے حضرت اوسکے اعضا کو بیچ اُن عورتوں کے کہ دوستدار خدیجہ کی تھیں

قُلْتُ لَهُ كَأَنَّهُ لَمْ تَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيجَةُ فَيَقُولُ إِنَّهَا

کہتی تھی میں آنحضرت کو کہ گویا نہ تھی دنیا میں کوئی عورت مگر خدیجہ پس فرماتے آنحضرت خدیجہ

كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ

تھی ایسی اور ایسی اور تھی میرے لیے اوس سے اولاد متفق علیہ اور روایت ہے ابی سلمہ رضہ سے

أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشُ هٰذَا

کہ تحقیق عائشہ رضہ نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ یہہ

جبرئيل يقرئك السلام قالت وعليه السلام ورحمة الله قالت

جبرئیل تم مین پہنچاتے تمکو سلام کہا عائشہ نے اور جبرئیل پر سلام اور رحمت خدا کی کہا عائشہ نے

وهو يرى ما لا ارى متفق عليه وعن عائشة قالت قال لي

اور آنحضرت دیکھتے تھے وہ چیز جسکو کہ نہیں دیکھتی تھی مین اسکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا مجکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم اريتك في المنام ثلث ليال يجيء بك الملك

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دکھلائی گئی تو مجکو خواب مین تین شب لاتا تھا تیری صورت کو فرشتہ

في سرقة من حرير فقال لي هذه امرأتك فكشفت عن وجهك

بیچ ایک ٹکڑے ریشمی کپڑے کے پس کہا فرشتہ نے یہ صورت بیوی تیری ہے پس اوٹھایا مینے تیری صورت کے منہ سے

الثوب فاذا انت هي فقلت ان يكن هذا من عند الله يمضه

کپڑا پس ناگہان تو اب وہی صورت ہے پس کہا مینے اگر ہے یہ نزدیک خدا کے سے جاری کریگا اسکو

متفق عليه وعنها قالت ان الناس كانوا يتحرون بهداياهم

متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا لوگ قصد کرتے تھے ساتھ تحفون اپنے کے

يوم عائشة يبتغون بذلك مرضاة رسول الله صلى الله عليه وسلم وقالت

بیچ نوبت میری کے طلب کرتے تھے ساتھ اس قصد کے رضا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور کہا عائشہ نے

ان نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم كن حزبين فحزب فيه عائشة

کہ تھیں بیویاں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دو گروہ تھین پس ایک گروہ تھا کہ اوسمین عائشہ رض

وحفصة وصفية وسودة والحزب الآخر ام سلمة وسائر

اور حفصہ رض اور صفیہ رض اور سودہ رض تھین اور گروہ دوسرا ام سلمہ اور باقی

نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم فكلم حزب ام سلمة فقلن لها كلمي

بیویاں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تھین پس گفتگو کی ام سلمہ کی گروہ نے پس کہا ام سلمہ سے کہ عرض کرو

رسول الله صلى الله عليه وسلم يكلم الناس فيقول من اراد ان يهدي

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کلام کریں لوگون سے پس فرمادین کہ جو کوئی چاہے یہ کہ تحفہ بھیجے

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فليهده اليه حيث كان فكلمته

طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس چاہیے کہ بھیجے تحفہ طرف انکی جسجگہ کہ ہوں پس کلام کیا ام سلمہ نے حضرت سے

فَقَالَ لَهَا لَا تُؤْذِينِي فِي عَائِشَةَ فَإِنَّ الْوَحْيَ لَمْ يَأْتِنِي وَأَنَا فِي ثَوْبِ

پس فرمایا حضرت صلعم نے ام سلمہ کو کہ ایذا نہ دے مجھکو عائشہ کے مقدمہ میں اسلیے کہ وحی نہیں آتی ہے مجھکو اس حالمین کہ میں بیچ لحاف

امْرَأَةٍ إِلَّا عَائِشَةَ قَالَتْ أَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ مِنْ أَذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ثُمَّ

کسی بیوی کے ہوں سوا عائشہ رضی کے کہا ام سلمہ نے توبہ کرتی ہوں میں طرف اللہ کی آپکی ایذا سے یا رسول اللہ پھر

إِنَّهُنَّ دَعَوْنَ فَاطِمَةَ فَأَرْسَلْنَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَتْهُ

ان عورتوں نے بلایا حضرت فاطمہ کو اور بھیجا طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کلام کیا فاطمہ نے حضرت سے

فَقَالَ يَا بُنَيَّةُ أَلَا تُحِبِّينَ مَا أُحِبُّ قَالَتْ بَلَى قَالَ فَأَحِبِّي هٰذِهِ

پس فرمایا حضرت صلعم نے ای بیٹی میری کیا نہیں دوست رکھتی تو جسکو دوست رکھتا ہوں میں کہا فاطمہ نے ہاں فرمایا پس دوست رکھ تو اسکو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيثُ أَنَسٍ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ فِي بَابِ بَدْءِ

روایت کی بخاری اور مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث انس کی کہ اوسکی اول میں یہ ہے فضل عائشہ علی النساء بیچ باب بدء

الْخَلْقِ بِرِوَايَةِ أَبِي مُوسٰى ۞ الْفَصْلُ الثَّانِي ۞ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ

الخلق کے ساتھ روایت ابی موسی اشعری کے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی

